مجدد عصر حاضر

شہنشاہِ خراسان

تصنیف

بقیۃ السلف ابو عرفان مفتی محمد عابد حسین سیفی

شعبہ نشر و اشاعت

دار العلوم جامعہ جیلانیہ

نادر آباد، بیدیاں روڈ لاہور کینٹ

مکتبہ محمدیہ سیفیہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مجدد عصر حاضر

مجدد عصر قیوم زماں غوث دوراں، مقام صدیقیت وعبدیت
پیر طریقت رہبر شریعت، الحاج قبلہ
حضرت
اخندزادہ سیف الرحمٰن مبارک صاحب پیرارچی وخراسانی

تصنیف

یقیۃ السلف ابوعرفان مفتی محمد عابد حسین سیفی

شعبہ نشر واشاعت

دار العلوم جامعہ جیلانیہ

نادرآباد، بیدیاں روڈ لاہور کینٹ

ناشر

مکتبہ محمدیہ سیفیہ

حسین ٹاؤن، راوی ریان شریف 0321-8401546, 0321-6686205

بفیضانِ نظر

قیومِ زماں غوثِ دوراں مقامِ صدیقت وعبدیت حضرت اخندزادہ
سیف الرحمٰن مبارک صاحب پیرارچی خراسانی دامت برکاتہم العالیہ

نام کتاب	———	شہنشاہِ خراسان
مصنف	———	علامہ مفتی پیر محمد عابد حسین سیفی
اہتمامِ اشاعت	———	صوفی غلام مرتضیٰ سیفی
معاونِ اشاعت	———	صوفی فیاض احمد محمدی سیفی
تاریخ اشاعت	———	رمضان المبارک ۱۴۲۹ھ
ناشر	———	مکتبہ محمدیہ سیفیہ
مطبع	———	اشتیاق اے مشتاق پرنٹرز لاہور
قیمت	———	135 روپے

ملنے کے پتے

دارالعلوم جامعہ سیفیہ فقیرآباد شریف بند روڈ لاہور

دارالعلوم جامعہ حنفیہ سیفیہ محمدیہ بالمقابل راوی ریان ملز حسین ٹاؤن لاہور

جامعہ جیلانیہ رضویہ نادر آباد بیدیاں روڈ لاہور کینٹ

پیر طریقت صوفی گلزار احمد سیفی آستانہ عالیہ سیفیہ بابا فرید کالونی چونگی امرسدھو لاہور

پیر طریقت شیخ الحدیث علامہ مفتی احمد الدین توگیروی سیفی امع مسجد تالاب والی باغبانپورہ لاہور

دارالعلوم جامعہ سیفیہ رحمانیہ للبنات بادشاہی روڈ دھوال کلاں گجرات

پیر طریقت ملاں عبداللہ عرفان سیفی کارپٹ عظمت شہید مارکیٹ نکلسن روڈ لاہور

فہرست مضامین

مجدد عصر غوث دوران شاہ خراسان پیر طریقت، رہبر شریعت الحاج
قبلہ حضرت اخندزادہ سیف الرحمٰن مبارک صاحب پیرارچی و خراسانی

کا مختصر

(پیر طریقت رہبر شریعت شیخ التفسیر مفتی پیر محمد عابد حسین سیفی مہتمم دار العلوم
جامعہ جیلانیہ نادر آباد 1 بیدیاں روڈ لاہور کینٹ)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الذی رفع منار الاسلام والدین بالحجج و البراھین وایدہ بالائمۃ المھتدین والعلماء العاملین والاولیاء الکاملین وَالصلوٰۃ وَالسلام عَلیٰ سید المرسلین وعلیٰ اٰلہٖ واصحابہٖ الطاھرین واتباعہ الکاملین اِلیٰ یوم الدین اما بعد۔

مَیں نے اس کتاب کو مکمل پڑھا جو سالکین کے نفع اور ضروری فوائد و مسائل کے لیے لکھی گئی ہے اِن مسائل کو دلائل قاہرہ کے ساتھ مزین کیا گیا ہے۔ ہر قسم کے سالکین جو اس سے فائدہ حاصل کریں گے ان کو بطور منزل فائدہ و ترقی دے گی جس میں ہمارے مرشد کامل المجدد المائۃ خامس عشرہ شیخ العلماء والمشائخ الصفی الذکی المؤید من اللہ الغنی اخندزادہ سیف الرحمٰن دامت برکاتہم العالیہ کے ملفوظات و ارشادات عالیہ کو ترتیب دیا گیا ہے۔ ماشاء اللہ اس کی ترتیب میں فاضل عزیز پروفیسر مشتاق احمد حنفی سیفی وائس پرنسپل گورنمنٹ کمرشل کالج دیپالپور مقیم رینالہ خورد نے بڑی عرق ریزی اور محنت شاقہ سے کام کیا ہے۔ خاص کر کے صحت اردو، فارسی و عربی عبارات کا اردو میں ترجمہ اور ایک ضخیم کتاب کو مختصر کرنا یعنی اس کا خلاصہ بیان کرنا انتہائی مشکل و دشوار ہے۔ اس کو پروفیسر صاحب نے بڑے ہی احسن طریقے پایہ تکمیل تک پہنچایا ہے۔ اللہ تعالیٰ اُن کی محنت کو قبول فرمائے۔ (آمین)

چونکہ یہ کتاب میرے مرشد کامل جو علم ظاہر و باطن میں پوری دنیا میں اپنی نظیر نہیں رکھتے۔ کے افاضات عالیہ پر مشتمل ہے تو میں چاہتا ہوں کہ سرکار کا مختصر تعارف بھی

تقریظ کے اندر شامل کر لی جائے۔

مجدد عصر حاضر شیخ المشائخ سیدنا و مرشدنا حضرت علامہ اخند زادہ سیف الرحمٰن پیر ارچی خراسانی مبارک قدس سرہ ولد صوفی باصفا قاری سرفراز خان قادری صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی ولادت باسعادت ۱۳۴۹ ہجری کو کوٹ باباکلی (افغانستان) میں ہوئی۔ آپ نے ابتدائی تعلیم اپنے والد بزرگوار سے شروع فرمائی۔ آپ آٹھ سال کی عمر کے تھے کہ آپ کی والدہ ماجدہ کا انتقال ہو گیا۔ ان کی وفات کے بعد آپ نے مزید علوم دین حاصل کرنے کے لیے افغانستان و ہندوستان کے مختلف شہروں کا سفر کیا۔ علوم دین سے سند فراغت حاصل کرنے کے بعد آپ نے شیخ المشائخ حضرت خواجہ شاہ رسول طالقانی رحمۃ اللہ علیہ سے طریقہ عالیہ نقشبندیہ میں بیعت فرمائی۔ شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے وصال کے بعد آپ انکے خلیفہ اعظم غوث دوراں حضرت مولانا محمد ہاشم سمنگانی کی تربیت میں رہے انہوں نے آپ کی مکمل تربیت فرمائی اور آپ کو اپنا خلیفہ مطلق اور نائب بنایا اور حضرت مولانا محمد ہاشم سمنگانی رحمۃ اللہ علیہ نے آپ کے بارے میں اپنے خلفاء کو یوں ارشاد فرمایا کہ اخند زادہ سیف الرحمٰن کو جو شخص مقبول ہو گا وہ مجھے مقبول ہے۔ اور اُن کی طرف سے جو مردود ہو گا وہ میری طرف سے بھی مردود ہے۔ پھر آپ بہت عرصہ تک افغانستان میں روس کے خلاف جہاد کرتے رہے۔ آپ لوگوں کو شریعت اور طریقت میں تربیت بھی فرماتے رہے۔ اور کافی تعداد میں علماء کرام آپ کے حلقہ ارادت میں داخل ہوئے اور جب افغانستان میں خانہ جنگی شروع ہو گئی۔ تو اس کے بعد آپ نے قطع تعلق اور سکوت فرمایا

تلقین و ارشاد اور اصلاح خلائق کی طرف توجہ زیادہ کر دی۔ فتنہ و فساد کی فضا سے دور رہ کر ظاہری و باطنی علوم کا فیض عام کرنے کیلئے آپ نے عظیم الشان دارالعلوم جامعہ سیفیہ کی بنیاد رکھی جس میں جید علمائے کرام تدریس فرما رہے ہیں اور سینکڑوں کی تعداد میں طلباء علم کی

تشنگی بجھا رہے ہیں۔ آپ سے استفادہ کے لیے دور دراز سے علماء کرام حاضر ہوتے ہیں۔ اس وقت ۱۵ ہزار سے زائد علماء آپ کے حلقہ مریدین میں داخل ہیں۔ اس کے علاوہ ڈاکٹر، وکلاء، بزنس مین، سیاسی و سماجی زندگی سے تعلق رکھنے والے ہزاروں کی تعداد میں اور مختلف مکاتب فکر اور بیرونی ممالک سے خاصی تعداد میں لوگ آپ سے فیوض و برکات حاصل کر رہے ہیں۔ قرآن و حدیث اور فقہ حنفی کی ترجمانی عقائد اہلسنّت وجماعت کے مطابق فرما رہے ہیں۔ آپ کے ہاتھوں کثیر تعداد میں غیر مسلموں نے اسلام قبول کیا اور حلقہ بیعت میں داخل ہوئے۔ اور آپ سے تربیت حاصل کرنے کے بعد اپنے اپنے ممالک میں جا کر اسلام کی خدمت کر رہے ہیں۔ کمال کی بات یہ ہے کہ غیر مسلم جب آپ کی زیارت کرتے ہیں تو آپ کے روحانی کمال کو دیکھ کر دائرہ اسلام میں داخل ہو جاتے ہیں اور آپ کی زیارت سے واقعی خدا یاد آتا ہے۔ ایک مرتبہ آپ کے علاج کے لیے ایک انگریز ڈاکٹر کو لایا گیا تو آپ نے اس ڈاکٹر کو دیکھ کر فرمایا یہ تو خود بیمار ہے میرا کیا علاج کرے گا۔ تو ڈاکٹر صاحب نے جواب میں کہا اگر میں بیمار ہوں تو یہ بزرگ میرا علاج کریں۔ تو آپ نے ڈاکٹر صاحب کی یہ بات سن کر انکی طرف توجہ فرمائی۔ توجہ فرماتے ہی ڈاکٹر صاحب نے لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ پڑھ لیا۔ تو ڈاکٹر صاحب سے پوچھا گیا کہ آپ کو کس نے کہا کہ یہ کلمہ پڑھو تو اس نے کہا مجھے ابھی حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہوئی ہے۔ اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: قُلْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ۔ اسی طرح آپ کی توجہ شریف سے ایک اور ڈاکٹر جس کا تعلق آسٹریا سے تھا کو آپ نے توجہ فرمائی تو اس کے سینے میں درد شروع ہو گیا۔ جب کمپیوٹر سے اس کے سینے کی تصویر لی گئی تو اس کے سینے پر لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ نقش تھا، جس سے تصویر لینے والے ڈاکٹر بہت متاثر ہوئے اور آپ کی زیارت کا شوق پیدا ہو گیا کہ ایسی عظیم شخصیت کی زیارت کی جائے، جو نہ

صرف کلمہ زبان سے پڑھواتے ہیں بلکہ سینوں پر بھی نقش کر دیتے ہیں۔ اس وقت امریکہ، برطانیہ، جرمن، آسٹریا، جاپان کینیڈا، فرانس، بھارت اور عرب ممالک میں کافی تعداد میں آپ کے مریدین ہیں۔

اس دور میں سرکار اخندزادہ مبارک کے علاوہ اس طرح کی شخصیت ہم نے کہیں بھی نہیں دیکھی۔ آپ وہ ہیں جو لاکھوں دلوں کو ذکر الٰہی سے منور فرما رہے ہیں۔ اور آپ کے غلام آپ کے اشاروں پر قربانی دینے کے لیے تیار ہیں۔ جس کی شہادت سنی کنونشن موچی دروازہ لاہور اور سنی کانفرنس اٹک ہے۔ اور مخالفین کا پروپیگنڈہ جھوٹ اور فریب پر مبنی ہے۔

حضرت مرشدنا اخندزادہ مبارک دامت برکاتہم العالیہ نے اپنی زبان سے اولیاء متقدمین پر اپنی ذات کو کبھی بھی فوقیت نہیں دی۔

نہیں محتاج زیور کا جسے خوبی خدا نے دی

حضرت کے یہ ارشاد گرامی معترضین کی اصلاح کے لیے کافی ہیں کہ فقیر سلسلہ عالیہ قادریہ میں حضرت غوث الثقلین شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کا تابع ہے۔

(ہدایت السالکین)

اور مزید وضاحت میں سرکار تحریر فرماتے ہیں۔ کہ بحمد للہ میں اللہ تعالیٰ جل شانہٗ کا عاجز بندہ ہوں کہ تمام سرزمین پر اپنے آپ سے باعتبار ذوق کوئی اور مجھے ادنیٰ ترین نظر نہیں آتا اور خاتم النبیین حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اُمتی ہوں اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ختم نبوت پر اعتقاد رکھتا ہوں اور فروع وفقہ میں حضرت امام اعظم ابوحنیفہ نعمان بن ثابت کوفی رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ کا مقلد ہوں۔ اور اصول وعقائد میں اہل سنت جماعت کے عظیم پیشوا حضرت امام ابو منصور ماتریدی

رحمۃ اللہ علیہ کا تابع ہوں۔ اور تصوف و طریقت میں حضرت خواجہ بزرگ محمد بہاء الدین شاہ نقشبند رحمۃ اللہ علیہ، حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ، حضرت شیخ عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ، حضرت شیخ شہاب الدین سہروردی رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت خواجہ معین الدین چشتی اجمیری رحمۃ اللہ علیہ کی تعلیمات کا تابع اور انہیں بزرگان دین کا بالواسطہ مرید ہوں۔

اولیائے کرام امت مسلمہ کا وہ طبقہ ہیں جن کے دم سے اسلام کا پیغام چار دانگ عالم میں پہنچا۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے بعد صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین اور انکے بعد یہی مقدس ہستیاں ہیں، جنہوں نے اپنے کردار و عمل سے مخلوق خدا کی رہنمائی فرمائی اور تشنگان ہدایت کو اپنے چشمۂ فیض سے سیراب فرمایا۔ انہوں نے اپنی دعوات و تبلیغات کی صورت میں آنے والے لوگوں کے لیے بہت بڑا سرمایہ چھوڑا ہے۔ یہ اولیاء کی پاکیزہ جماعت کبھی تو محراب و منبر سے حق و صداقت کی صدا بلند فرماتی ہے۔ اور کبھی یہی لوگ اپنی خانقاہوں میں بیٹھ کر ذکر و فکر اور تلقین و توجہ سے طالبان حق کے سینوں کو گرماتے ہیں۔

ان کی توجہ اور صحبت میں طالبان حق کو تزکیہ نفس سے وہ روحانی کمالات حاصل ہوتے ہیں، جس کا اندازہ خود طالب حقیقی ہی لگا سکتا ہے۔ امام جلال الدین سیوطیؒ فرماتے ہیں، میٹھے شربت کا ذائقہ اس کا پینے والا ہی بتا سکتا ہے۔ انکی تعلیمات مقدسہ سب کے لیے مینارۂ نور ہیں۔ بعض دفعہ حاسدین ضد و حسد و نفرت کی وجہ سے حقائق کو سمجھنے سے قاصر ہو جاتے ہیں۔ کبھی انسان زہر کو تریاق سمجھ کر خوشی سے قبول کرلیتا ہے۔ اور کبھی تریاق کو زہر سمجھ کر اپنے حقارت سے ٹھکرا دیتا ہے۔

ہدایت السالکین میں حضرت سیدی و مرشدی سرکار اخندزادہ مبارک نے علم کے گوہر نایاب جمع فرما کر امت کے لیے ایک تریاق مجرب تیار فرمایا ہے جس میں

ہر خاص وعام کے لیے ہدایت ہی ہدایت ہے۔ اور بعض نے بے سر وپا الزامات عاید کرنے کی کوشش کی ہے۔ لطف کی بات تو یہ ہے کہ فقط کتاب سے ایک جملہ دیکھ کر نہ اگلے حصے کو پڑھا اور نہ پچھلے کو۔ لاَ تقربوا الصلوٰۃ کی رٹ لگا دی اور آپ کی پوری کتاب پڑھنے کی زحمت برداشت نہ کی، گویا کہ اپنے ذہن وضمیر میں چھپے ہوئے حسد وعناد کو آشکار کر دیا۔

برصغیر پاک وہند وافغانستان میں گستاخی رسالت وتنقیص شان الوہیت کی تحریکیں چلتی رہیں اور دم توڑتی رہیں اور علماء ومشائخ ہمیشہ اُن کا مقابلہ فرماتے رہے۔ ورنہ آج ہم اُن استعماری طاقتوں کی غلامی میں جکڑے ہوتے۔ ہر تحریک کے پس پردہ مغربی صیہونی ذہن پوشیدہ ہے۔ چاہے وہ امریکہ ہو یا برطانیہ ہو یا روس ہو یا اسرائیل وغیرہ کی شکل میں۔ اور تحریک چاہے فتنہ نجد ہو یا فتنہ انکار حدیث، چاہے فرقہ جبریہ تبلیغی جماعت کی صورت میں ہو یا فتنہ قادیانیت مرزائیت کی شکل میں۔

تقدیس الوہیت وشان رسالت کی پاسداری وتحفظ کا علماء ومشائخ اہلسنت نے نہایت جوانمردی اور جانفشانی سے سدِ باب کیا۔ اور ہمیشہ سیسہ پلائی دیوار کی مانند مقابلہ فرمایا۔ اور ہر اُٹھنے والے فتنے کو تار تار کر دیا۔ اور ان فتنوں کے مذموم عزائم سے عوام الناس کو روشناس کرانے میں تحریری وتقریری کردار ادا کیا۔ خاص طور پر امام ربانی قندیل نورانی شہباز لامکانی غوث صمدانی سیدی شیخ احمد فاروقی سرہندی المعروف مجدد الف ثانی نے خود اور آپکے خاندان واحباب نے ہر دور میں اُٹھنے والے فتنوں کا سدِ باب کیا اور ہمیشہ ہر قسم کے فتنوں کا ہر دور میں مقابلہ کرنے کا شرف اسی خاندان کو حاصل ہے۔ ان کے علاوہ علمائے دہلی، علمائے خیر آباد، علمائے بدایون رام پور اور خاندان فرنگی محلی کے علماء سر فہرست ہیں۔ اور افغانستان (کابل) میں خاندان حضرت ملا شور بازار جدِ امجد حضرت صبغت اللہ مجددی سابق صدر افغانستان، حضرت مولانا شاہ

رسول طالقانی، حضرت مولانا محمد ہاشم سمنگانی خصوصًا علمائے بلخ میں سے علامہ علی محمد بلخی، مولانا عبدالحیٔ زعفرانی، مولانا محمد نبی صاحب محمدی مرکزی امیر حرکت انقلاب اسلامی افغانستان، مولانا محمد یحیٰ صاحب وغیرہ جن میں اکثریت حضرت سیدی و مرشدی اخندزادہ مبارک کے خلفاء کی ہے۔ اگر تفصیل میں جاؤں تو ایک دراز فہرست تیار کرنی پڑے گی۔ جس کے لیے طویل کتاب کی ضرورت ہے۔

بہرکیف افغانستان میں ہر قسم کے اٹھنے والے فتنوں کا مقابلہ کرنے کے لیے حضرت کے خلفاء و مریدین کمربستہ ہیں۔ خاص کر کے کمیونزم اور روسی بربریت کے خلاف جہاد کرتے آپ کی تمام عمر صرف ہوگئی۔ آپ کے بھائی اسی جہاد میں شہید ہوئے۔ آپ کے بڑے صاحبزادہ مجاہد ملت علامہ سعید احمد حیدری کا کردار کسی افغان سے پوشیدہ نہیں۔ انہوں نے اپنی تمام عمر جہادِ افغانستان میں صرف فرمائی اور اسی روزمرہ کی مشقت بے آرامی اور بے خوابی کی وجہ سے کمر کی تکلیف میں مبتلا ہوئے۔ اس تکلیف کے باوجود ابھی بھی افغانستان میں مصروف عمل ہیں۔ شیخ الحدیث حضرت صاحبزادہ محمد حمید اخند بنفس نفیس کئی محاذوں میں روس کے خلاف برسرپیکار رہے اور بہت بڑی جماعتیں مریدین و خلفاء کی لے کر شامل جہاد ہوتے رہے۔ حضرت سیدی مرشدی کے بڑے بھائی حضرت باچا لالا عبدالباسط صاحب کا بے وطنی اور مسافری اور ہجرت میں وصال ہوا اور اُن کے جسد خاکی کو افغانستان لے جایا گیا۔ اور اسی طرح آپ کے دوسرے بھائی باچا محمد صادق نے بھی حالت غریب الوطنی میں رحلت فرمائی۔

یقینًا آپ نے حق و صداقت کی راہ پر مسلمانوں کو گامزن کرنے میں عزم و ہمت سے کام لیا۔ مسلمانوں کو روس کی غلامی سے نجات دلانے میں اہم کردار ادا کیا۔ آپ نے جو علماء و مشائخ کے لیے راہیں متعین فرمائی ہیں، انہی پر چل کر ترقی کی منازل

حاصل ہو سکتی ہیں۔ اور جن گمراہ عقائد کی آپ نے نشاندہی فرمائی اور اپنے غلاموں کو گمراہوں کے گمراہ کن عقائد سے دُور رہنے کی تدابیر فرمائیں۔

لوگ جب اللہ تعالیٰ کی عطا کی ہوئی ہدایت کو بھلا کر گمراہی کو اختیار کر لیتے ہیں تو دنیا رشد و ہدایت کی بجائے فسق و فجور کی آماجگاہ بن جاتی ہے تو اللہ تبارک و تعالیٰ لوگوں کی ہدایت کے لیے ہر صدی کے شروع میں مجدد پیدا فرماتا ہے۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد عالی ہے:

اِنَّ اللّٰہ یبعث لھذہ الامۃ علی راس کل مائۃ سنۃ من یجدد لھا امر دینھا۔ (سنن ابی داؤد)

ترجمہ:

"بیشک اللہ تعالیٰ اس اُمت کے اندر صدی کے آخر میں ایک مجدد بھیجے گا جو تجدید و احیاء دین کا فریضہ انجام دیگا۔" (سنن ابو داؤد)

حدیث مجدّد کی اسنادی حیثیت :

نویں صدی ہجری کے مجدد جلال الملۃ والدین خاتم الحفاظ امام جلال الدین سیوطی فرماتے ہیں :

ابو عبداللہ الحاکمؒ نیشاپوری نے مستدرک میں اور امام بیہقی نے مدخل میں اس حدیث کی صحت پر جزم کیا ہے اور ایسا ہی بعد والوں میں سے حافظ ابن حجرؒ نے اس حدیث کی صحت پر جزم کیا ہے۔

محدث عبدالرؤف مناویؒ (متوفی ۱۰۰۳ھ) نے امام جلال الدین سیوطی سے نقل کیا ہے کہ مجدّد کے لیے یہ شرط ہے کہ جس صدی کا مجدّد ہوگا وہ صدی اس کی زندگی میں ہی گزر جائیگی یعنی تجدید دین کی پوری صدی گزار کر فوت ہوگا۔

امام علی بن برہان الدین الحلبی الشافعی (م: ۱۰۴۴ھ) فرماتے ہیں کہ صدی کے سرے سے یہ مراد ہے کہ مجدّد اپنی پوری صدی گزار کر آئندہ شروع ہونے والی صدی کے بھی چند سال گزار کر فوت ہوگا۔

علامہ محمد بن سالم الحنفیؒ (م: ۱۰۸۱ھ) فرماتے ہیں کہ صدی کے آخر میں مبعوث ہونے والے میں ایک بات یہ ہوگی کہ وہ مشہور و معروف ہوگا اور مرجع خاص و عام ہوگا۔

"سراجؒ منیر" میں ہے۔

معنی التجدید الاحیاء مما اندرس من العمل بالکتاب والسُنۃ والامر بمقتضاھا۔

ترجمہ : یعنی تجدید دین سے مراد کتاب وسنت کا زندہ کرنا ہے۔ جو مٹتا جارہا ہو اور کتاب وسنت کے مطابق حکم جاری کرے۔

علامہ مناوی فرماتے ہیں۔

ای یبین السنۃ من البدعۃ ویذل اھلھا۔

ترجمہ: مجدد سنت کو بدعت سے علیحدہ کرتا ہے اور اہل بدعت کو ذلیل کرتا ہے۔

اس عبارت میں تجدید کا مفہوم واضح ہوگیا۔ اس سے مجدد کے منصب اور دائرہ کار کو سمجھنا آسان ہوا۔

علمائے راسخین کی تشریحات کے مطابق مجدد کا کام سنت کو بدعت سے علیحدہ کرنا اور ہدایت وضلالت میں تفریق کرنا ہے۔ یعنی شریعت کے حاملین و عاملین کی مدد کرنا اور اہل بدعت وضلالت کی سرکوبی کر کے اُن کو ذلیل وخوار کرنا اور ان کی پہچان وشناخت کر کے اُن کو اپنے مقام تک پہنچانا ہے یہی مجدد کا منصب ہے اور جب وہ حق پر ڈٹ جائے تو اس کو اس کے مؤقف سے دنیا کی کوئی طاقت ہٹا نہیں سکتی۔ جو دکھی دِل کے قریب آئے تو اُن کے دِل کا سہارا بنے۔ بے دین آئے تو دیندار بنے۔ بھٹکا ہوا آئے تو راہ راست پر آئے۔ زخمی آئے تو مرہم ملے۔ تو یہ کس قدر اہم ذمہ داریاں ہیں جو مجدد کو سونپی جاتی ہیں۔ اور جو اُس صدی میں جدید مسائل پیدا ہوں اُن میں تحقیق کر کے علماء کی رہنمائی کرے۔

آئمہ مجتہدین واکابرین امت کی تشریحات وتصریحات سے معلوم ہوا کہ:

۱۔ مجدد اپنی پوری صدی گزار کر فوت ہوگا۔

۲۔ علم ظاہر وباطن کا حامل ہوگا۔

۳۔ سنت واہل سنت کا حامی وناصر ہوگا۔

۴۔ اہل بدعت کو ذلیل ورسوا کرنے والا ہوگا۔

۵۔ وہ اپنی حیات مبارکہ میں ہی مشہور اور خاص وعام کی جائے رجوع ہوگا۔

۶۔ قرآن و سنت کے علم کو عام کرنے والا ہو گا۔

اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو راہ حق پر قائم رکھے۔ محبت حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام عطا فرمائے۔ مکار فریبی اور علم شیطان کے حاملین کے دامن فریب سے محفوظ فرمائے

صلی اللہ علیٰ حبیبہٖ محمدٍ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ اجمعین

تاریخ
۲۲ ربیع الاول ۱۴۱۹ھ
بمطابق ۱۷ جولائی ۱۹۹۸ء

خاک راہ صاحب دلاں
محمد عابد حسین سیفی
ناظم اعلیٰ دار العلوم جامعہ جیلانیہ نادر آباد بیدیاں روڈ
لاہور کینٹ۔ فون ۵۷۲۱۶۰۹

مجدد عصر قیوم زماں غوث دوراں مقام صدیقیت و عبدیت
پیرطریقت رہبر شریعت الحاج قبلہ
حضرت اخندزادہ **سیف الرحمٰن** مبارک صاحب

شاہ خراسان کا

شاہ خراسان

گردش زمانہ کے ساتھ افکار و نظریات میں تبدیلی آجاتی ہے اور احوال کے مسائل دھندلا جاتے ہیں. قضا و قدر کا یہ اصول ہے کہ کفر و باطل اور شرک و بدعت کی تاریک گھٹائیں جب افق عالم پر چھانے لگتی ہیں اور بے راہ روی اپنا جال پھیلانے لگتی ہے تو رحمت خدا جوش میں آکر ایسے عناصر کی تخلیق فرماتی ہے جو زمانہ میں پیدا ہونے والی معاشرتی غلاظتوں اور ناپاکیوں کو دُور کرنے کی خدمت سرانجام دے جو وراثت انبیاء کو سنبھالتے ہوئے حق اور ناحق کو جدا کرے. سنّت اور بدعت کے فرق کو خلق خدا کے سامنے عیاں کرے جس میں کفر سے نفرت کا درس حاصل ہو. اور فسق و فجور میں ڈوبے ہوئے لوگوں کو تقویٰ و طہارت کا پیکر بنا دے جس سے دلوں میں ایمان کی محبت اور قدر و منزلت پیدا ہو. جہالت اور غفلت کی مدہوشی میں گھرے ہوئے افراد کو خودشناسی اور خداپرستی اور سرور عالم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی احادیث پر عمل پیرا بنا دے۔

وہ ایسی ہستی کون ہو سکتی ہے وہی جو زیادہ معرفت سے سرشار راہ طریقت کے شاہسوار، درجہ کمال کے سالک اور رموز حقیقت کے شہنشاہ. راز حقیقت الہیٰ سے آشنا. شمع ولایت. بحر عرفان سلطان الاولیاء مجدد بھی مفسر بھی. لاتعداد علوم کے علامہ، حجۃ شیخ الاسلام بھی اور قیوم زماں. سرفراز مقام، صدیقیت اور سیف ملت و دین سیدی حضرت اخندزادہ سیف الرحمٰن صاحب المعروف پیرارچی خراسانی مدظلہ جنہوں نے لاکھوں دلوں کو پاک فرمایا. اور فرما رہے ہیں. آپ کے حسن کردار اور

اعلیٰ وارفع صلاحیتوں کی بدولت ہر کس وناکس آپ کا گرویدہ ہے۔ آپ کی ذات وہ صاحبِ کمال ہستی ہے جس نے لاکھوں تاریک دلوں کو روشن کیا ہے۔ اور لاتعداد بھٹکے ہوئے لوگوں کو اُجالا عطا کر کے راہِ راست پر گامزن فرمادیا۔ بڑے بڑے صاحب زہد و تقویٰ اور علم کمال والے بھی آپ کے نقش قدم پر چل کر فخر محسوس کرتے ہیں۔ بلکہ آپ کے زہد و تقویٰ اور علم وریاضت اور سنت کی پابندی کو دیکھ کر بڑے کمال والے بھی حیران ہوجاتے ہیں اور ان کو اپنا زہد و تقویٰ معمولی نظر آنے لگتا ہے۔ ایسا کیوں نہ ہو، کیونکہ سورج کے سامنے چراغوں کی کیا حیثیت۔ اگر شمع سورج کے مقابل روشن بھی کی جائے تو وہ کیا مقام رکھتی ہے۔ یہی عالم زمانہ کے اہل تقویٰ کا سرکار مبارک کے سامنے ہے۔

جس کی ہر ہر ادا سنت مصطفےٰ

ایسے پیر طریقت پہ لاکھوں سلام

سرکار مبارک تقویٰ اور پرہیز گاری کے اعلیٰ درجہ پر فائز ہیں۔ ظاہر و باطن میں خوف خدا ہمہ وقت دامن گیر رہتا ہے۔ متشابہات سے بچتے ہیں۔ غیبت سے پرہیز کرتے ہیں نہ سنتے ہیں نہ کرتے ہیں۔ لوگوں کے حقوق کا پورا خیال رکھتے ہیں۔

پیری مریدی اور ذکر و فکر کی وجہ سے مال حاصل کرنا آپ کا مقصد نہیں اور نہ ہی وہ دین کی خدمت کے روپ میں تجارت و مالی منصب والی زندگی کے آرام کے خواہاں ہیں اور نہ ہی سرمایہ کاری اور اقتدار حکومت حاصل کرنے کے متمنی ہیں۔ کیونکہ افغانستان سے ہجرت کے بعد جتنی بھی تنظیمیں افغانستان میں معرض وجود میں آئیں تو ان تنظیموں کے لیڈر امریکہ اور مختلف ممالک سے امداد حاصل کرتے رہے ان میں سے کچھ ایسے لیڈر بھی ہیں جن کی تنظیمیں محض کاغذی حد تک تھیں لیکن وہ اپنی چالاکی سے خوب پیسے کماتے رہے مگر سرکار مبارک نے کثرت افراد کے ہوتے ہوئے

بھی مالی اور دنیاوی مقاصد کے لیے نہ تنظیم بنائی اور نہ کسی تنظیم سے مل کر مال کمایا لیکن جہاد میں بدستور مع خلفاء و مریدین ہمہ وقت بر سر پیکار رہے۔ اگر آپ چاہتے، تو اپنے علم کو کمال و دولت کمانے کا ذریعہ بنا سکتے تھے۔ لیکن وہ دنیا کی دھوکہ بازیوں فساد آرائیوں اور حیلہ سازیوں کی گرفت سے کہیں بالاتر ہیں۔ اس لیے آپ دنیا کے فتنوں سے بفضل الٰہی محفوظ ہیں۔

شائد آپ نے کبھی یہ سوچا بھی گوارا نہ کیا ہو کہ دنیا کی فریب کاریوں سے بچنے کے لیے گوشۂ تنہائی اختیار کیا جائے اور معاشرے کی ناہمواریوں سے محفوظ رہنے کا ذریعہ رہبانیت کو بنایا جائے مگر اسلام اس کی اجازت نہیں دیتا۔ اور دنیاوی معاملات میں بھی رہنمائی فرماتا ہے۔ اور ایک مسلمان کو دنیاوی امور میں اعتدال پسندی اختیار کر کے اس کی مقررہ حدود کے اندر رہ کر معاشیات کو حل کرنے کی ترغیب دیتا ہے۔

اگر آپ چاہتے تو افغانستان کے دوسرے رہنماؤں لیڈروں کی طرح دولت کے انبار لگا کر آج اقتدار پر قابض ہو جاتے جبکہ طالبان کی تحریک میں نصف سے زیادہ آپ کے مرید شامل تھے۔ اور افغانستان میں طالبان کی حکومت میں آپ کے غلام اعلیٰ عہدوں پر فائز ہیں اس کے باوجود سرکار نے ان سے کوئی فائدہ حاصل نہیں کیا اور پوری لگن اور ذوق و شوق سے ذکر و فکر کی محافل کو جاری رکھا اور تبلیغ کے عظیم فریضہ کو انجام دیتے رہے اور اقتدار و حکومت سے کنارہ کش رہے اور جب بھی آپ کو دعوت دی گئی تو آپ نے خدمت اسلام کی دعوت اور استقامت کی دعا پر ہی اکتفا کیا اور ہمہ وقت لوگوں کو اپنے علمی فیوض و برکات سے نوازا اور وسیع لنگر کا انتظام جاری رکھا اور ہزاروں افراد کو دنیاوی خدمت یعنی مالی خدمت سے اور روحانی دولت سے نوازا۔

انسان کے روحانی کمال کی آئینہ دار اس کی سیرت و کردار ہوتا ہے۔ انسان کی عظمت کا راز اس کی سیرت کمال میں مضمر ہے۔ فخر دو عالم حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے مکارم اخلاق کی تکمیل کے لیے مبعوث فرمایا گیا۔ غرض یہ کہ ہر بڑے انسان کو اس کی سیرت ہی بڑا بنا دیتی ہے تو سرکار مبارک بھی چونکہ اولیاء اللہ میں ایک ممتاز ہستی اور مقرب بارگاہ الٰہی ہیں اس لیے آپ کی سیرت مقدسہ شریعت مطہرہ کی منہ بولتی تصویر اور اتباع رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی عملی شکل نظر آتی ہے۔ آپ کی سیرت مقدسہ درالبیان تاریخ اولیاء تصویر مجدد الف ثانی اور سیرت مجدد خراسان میں بہت کچھ لکھا جا چکا ہے۔ اسلام کا بنیادی اور مرکزی نقطہ عقیدہ توحید ہے جو بندہ عقیدہ توحید میں قوی ہے اور مخلص ہے وہ درجہ کمال کو بھی پہنچ سکتا ہے اور اس ذات سے انتہائی عاجزی کا نام تقویٰ ہے۔

سرکار مبارک جب ایام ابتدائی سلوک میں تھے تو مرشد کریم حضرت مولانا محمد ہاشم سمنگانی رحمۃ اللہ علیہ سے ایک دن ملاقات ہوئی تو مولانا صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے مبارک کی حرکت لطائف کا جب مشاہدہ کیا تو مبارک صاحب اس کو چھپانے کی پوری کوشش فرما رہے ہیں۔ مولانا صاحب نے یہ اندازہ لگا لیا کہ یہ پردہ محض عجز و انکساری اور تقویٰ کی وجہ سے ہے کیونکہ نمود و نمائش اخفد زادہ مبارک کی طبع میں نہیں تو مولانا صاحب نے حرکت لطائف کو چھپانے سے منع فرمایا کیونکہ مبارک نے جبہ وغیرہ کے ذریعے اس عظیم نعمت پر پردہ ڈالا ہوا تھا کیونکہ ارشاد ربانی ہے۔

واما بنعمة ربك فحدث

تقویٰ

تقویٰ کا معنی و مفہوم

پرہیزگاری، بچنا۔ تقویٰ سے اسم ہے۔ لغت میں تقویٰ کے معنی ہیں "حفظ شئی

ممایوذیہ وغیرہ :

ایک چیز کی حفاظت کرنا اس سے جو ایذا دے اور نقصان دے جس سے عمل خراب ہوں اور انسان برائی کی طرف جائے اور تقویٰ کی تعریف یہ بھی ہے۔

التقویٰ ان لا یراك الله حیث نهاك ولا یفقدك حیث امرك۔

ترجمہ: تیرا رب تجھ کو اس جگہ نہ دیکھے جس جگہ سے اس نے تجھ کو روکا ہے اور اس جگہ سے غیر حاضر نہ دیکھے جس جگہ اس نے تجھ کو حاضری کا حکم دیا ہے

تقویٰ کی شرعی حیثیت اور مبارک صاحب مدظلہٗ

تقویٰ رہبانیت کا نام نہیں ہے کیونکہ رہبانیت کا اسلام میں جواز نہیں اور تقویٰ عین اسلام ہے اور اسلام بالکل فطرت انسانی کے مطابق ہے۔

ارشاد خداوندی ہے:

"فطرت الله الذی فطر الناس علیها" (الروم)

ترجمہ: کہ اس دین کی پیروی کرو جو اللہ نے لوگوں کی فطرت پر بنایا ہے۔

اسلام چونکہ دین فطرت ہے اس لیے ہم اسلام پر کسی ایسی بات کا گمان نہیں کر سکتے جو خلاف فطرت ہو۔ فطرت اور شریعت میں فرق یہ ہے کہ فطرت ایک مبہم اشارہ ہے اور شریعت اس اشارے کو واضح کرتی ہے۔ مثلاً فطرت میں شراب نوشی اور زناکاری اور سود سے کراہت آتی ہے اور شریعت نے ان پر حرام کا حکم لگا کر ان کو واضح کر دیا ہے۔ اسی طرح ان سے کراہت آنا فطرت ہے۔

پس شرعی تقویٰ کی حقیقت وحیثیت یہ ہے کہ آدمی اپنی زندگی کو خدا کے مقرر کیے ہوئے قواعد وضوابط کے تحت رکھے اور دل کی گہرائیوں میں اس بات

سے ڈرتا رہے کہ اگر میں نے اللہ تعالیٰ کی مقرر کردہ کسی حد کو توڑا تو اللہ تعالیٰ سزا دینے والا ہے اور پکڑ کرنے والا ہے۔ اس کی پکڑ نہایت سخت ہے۔ جیسا کہ قرآن پاک میں ارشاد ہوتا ہے۔

ان بطش ربک لشدید

ترجمہ: بے شک تیرے رب کی پکڑ بہت سخت ہے۔

یہی وجہ ہے کہ مبارک صاحب نے رہبانیت کو اختیار نہیں فرمایا آپ صبح فجر کی نماز باجماعت ادا کرنے کے بعد تا اشراق صحبت و توجہ کے معمولات کو اپنانے کے ساتھ ساتھ اپنے معمولات بھی ساتھ ساتھ جاری رکھنا نماز اشراق ادا کرنا۔ اس کے بعد ناشتہ مریدین کی ایک کثیر جماعت کے ساتھ مل کر کرنا پھر ناشتہ کے بعد تبلیغی امور کو ساتھ جاری رکھنا اور اپنے ہر قول و فعل میں پوری طرح اتباع سنت کو لازم پکڑنا آپ کے اوصاف میں سے ہے۔

اس وقت آپ کے ۱۰ ہزار سے زائد خلفاء کی تعداد ہے جس میں لاتعداد حفاظ و قراء و علماء کرام شامل ہیں۔ ہدایت السالکین کی اشاعت اول محرم الحرام ۱۴۱۴ھ میں ہوئی۔ اس وقت آپ کے آٹھ ہزار خلفاء تھے۔ جیسا کہ ہدایت السالکین میں ہے "اس طرح آٹھ ہزار خلفاء کرام اور ہزاروں کی تعداد میں متعدد طلباء علماء کرام حفاظ و قراء حضرات اور لاکھوں کی تعداد میں دانشور عوام مسلمانان اہل سنت اس فقیر کے حلقہ بیعت میں شامل ہیں اور عقائد سنیہ کے عاملین ہیں۔ (ہدایت السالکین صفحہ ۲۸۶") ظاہر ہے ان سب کی تربیت کا سہرہ سرکار مبارک کے سر ہے اور مریدین کے علاوہ گھریلو معاملات کی مصروفیت کے ہونے کے باوجود اپنے معمولات بھی باقاعدگی سے جاری رکھتے ہیں۔

توکل و تقویٰ یہی خانقاہی نظام کا روح رواں ہوتا ہے۔ اگر یہ نظام تقویٰ و توکل

کے بغیر ہے تو پھر دھوکہ اور فریب ہے کیونکہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی شریعت کی پابندی کے بغیر نہ تو تزکیہ نفس ممکن ہے اور نہ ہی تقویٰ توکل کہا جاسکتا ہے۔ چونکہ تقویٰ عمل بالاخلاص کا نام ہے اور اخلاص کی دو صورتیں ہیں۔

اوّل محبت۔ وہ عمل ہے جو محبت کے ساتھ ہے۔ محبت ہو گی تو عمل میں اخلاص بھی ہو گا۔

دوئم۔ خوف و ڈر۔ اس کی بھی دو صورتیں ہیں۔

اوّل وہ ڈر جو محبت کی وجہ سے ہے کہ محبوب کہیں ناراض نہ ہو جائے۔

دوم۔ وہ ڈر جو تشدد ظلم و زیادتی کی وجہ سے ہے اور جو خوف ظلم و زیادتی کی وجہ سے ہے اسے تقویٰ نہیں کہا جا سکتا۔

اس میں پہلی قسم ہے اس کا تعلق تقویٰ و اخلاص کے ساتھ ہے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ کی عبادت اور احکام پر عمل اس کی محبت کی وجہ سے ہے ورنہ کوئی عمل فائدہ مند نہ ہو گا۔

ہم نے سرکار مبارک مدظلہ کے تقویٰ کا مشاہدہ کیا ہے۔ جس میں کیا مجال ہے کسی موقع پر بھی پاؤں لرز جائیں یا کبھی کوئی قول و فعل میں تضاد ہو قی زمانہ پیروں کو مرید اکٹھا کرنے کا شوق ہے۔ اور مریدوں کی دنیا سمیٹنے کی فکر ہے۔ یہ ممکن نہیں کوئی آسانی سے فقط صرف دنیاوی مقاصد کے لیے دعا بھی کروا سکے ایک شخص فقیر کی موجودگی میں حاضر ہوا۔ اس نے عرض کی سرکار کاروبار میں کامیابی نہیں ہوئی۔ فوراً ارشاد فرمایا جو اپنے آقا صلی اللہ علیہ وسلم کے طریقوں کو چھوڑ دیں کہ مطلب یہ ہے کہ اپنے آقا سے اخلاص و اتباع ختم کرے تو اللہ تعالے بھی اس سے نظر رحمت اٹھا لیتا ہے۔

حاضرین محفل کو مخاطب ہو کر فرمایا لوگ کہتے ہیں کہ ہماری دعائیں قبول نہیں ہوتی

جب گھر گھر سینما ٹیلی ویژن، بن جائے جس گھر میں کنجر خانہ ہو اور غیر محرم کی تصویریں دیکھی جائیں۔

حضور علیہ الصلوٰۃ السلام نے ارشاد فرمایا جس گھر میں کتا اور تصویر ہو اس گھر میں رحمت کا فرشتہ نہیں آتا جب رحمت کا فرشتہ ہی نہیں تو قبولیت دعا کہاں سے آئے قبولیت دُعا کے لیے رزق حلال بھی ضروری ہے، کیونکہ طریقت کی بنیاد سنّت کی پابندی اور آداب طریقت ہیں۔

حدیث قدسی میں ہے اللہ تعالیٰ کا وعدہ ہے۔

من شغلهٗ ذکری عن مسئلتی اعطیته افضل ما اعطی السائلین۔

جس کو میرے ذکر نے مجھ سے سوال کرنے سے روک رکھا تو میں اس کو تمام سائلین سے بڑھ کر دیتا ہوں۔

کسی شخص کو بھی مکمل سنّت کی پابندی کے وعدہ کے بغیر کبھی مرید نہیں فرمایا اگر وہ شخص دوبارہ حاضر ہو، اور اس میں سابقہ وعدہ کی پاسداری نظر نہ آئے تو ایک دفعہ اس کو اس کی سابقہ غلطی کا احساس دلاتے ہیں۔

جب دوبارہ اس میں عمل کی رمق نظر نہ آئے تو پھر یہ ناممکن ہے کہ وہ شخص تیسری بار آستانہ عالیہ میں حاضر ہونے کی جرات بھی کر جائے۔

کیونکہ استقامت تقویٰ کا حصہ ہے۔

بزرگان طریقت کا ارشاد ہے کہ استقامت کرامت سے افضل ہے۔

نیز ارشاد ہے کہ استقامت ہزار کرامت سے بہتر اور افضل ہے۔ کیونکہ استقامت ہی تقویٰ کا معیار ہے۔ سرکار مبارک کی ذات گرامی میں یہ وصف یعنی استقامت بدرجہ اتم دیکھا ہے ارکان شریعت مطہرہ اور اصول۔ آداب طریقت کی پابندی آپ کی رگ رگ میں رچی بسی ہوئی ہے۔

فرائض۔ واجبات۔ سنن۔ مستحبات۔ آداب۔ طریقت پر بڑی سختی سے کار بند ہیں اور نماز پنجگانہ میں سے کبھی آپ کی کوئی نماز ایسی نہیں جو آپ نے باجماعت ادا نہ فرمائی ہو، نہ آپ کبھی بے وضو رہے اگر وضو ٹوٹنے کے قریب گیا۔ فوراً فرمایا کہ میرا وضو تنگ ہے اور دوبارہ اسی وقت وضو فرمایا۔ کبھی بھی آپ کی کوئی نماز قضا نہیں ہوئی معمولات شریف سفر و حضر صحت و بیماری میں بالعموم یکساں ہی ہوتے ہیں۔ چاہیے کاشانہ اقدس پر تشریف فرما ہوں یا خانقاہ عالیہ میں یا مسجد میں۔

※※※

خدمتِ خلق

سرکار مبارک کی خدمت خلق کا عجیب عالم ہے۔ کیونکہ خدمت کا تعلق بھی تقویٰ کے ساتھ ہے ہر شخص سے شفقت اور خندہ پیشانی سے پیش آنا اور ہر ملنے والے سے خیریت دریافت کرنا اور نئے آدمی سے نام جائے سکونت دریافت فرمانا جس سے ناواقف اجنبی آپ کے اخلاق وتقویٰ سے فوراً آپ کی طرف مانوس ہو جاتا ہے واقف ناواقف ہر ایک کی بات بڑی توجہ سے سنتے ہیں اور اگر کوئی سائل سوال کرے تو اس کا جواب بڑے مشفقانہ انداز میں فرماتے ہیں۔

غرضیکہ جو بھی آپ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا۔ آپ کے فیوض وبرکات وتقویٰ سے پوری طرح استفادہ حاصل کیا۔ آپ کی محفل پاک میں خصوصیت یہ ہے کہ اس میں خاص وعام واقف وناواقف کی قید نہیں۔ سب کے ساتھ خوش اخلاقی مہربانی نوازشات میں یکساں سلوک فرماتے ہیں۔ اور مہمانوں کی خدمت میں خود بھی مصروف عمل ہیں اور ساتھ آپ کے صاحبزادگان شیخ الحدیث محمد حمید جیسی شخصیات کبھی تو مہمانوں کے ہاتھ دھلوا رہے ہیں۔ کبھی کسی کے آگے کھانا رکھ رہے ہیں۔ آپ کے صاحبزادگان کو خدام میں تلاش کرنا ناممکن ہے۔ کیونکہ مہمانوں کی خاطر مدارت میں خدام کے ساتھ ہمہ وقت شامل ہوتے ہیں۔ اور خدمت وایثار کے کاموں میں بڑے انہماک اور خلوص سے حصہ لیتے ہیں۔ کیونکہ خدمت خلق ہی اہل طریقت کا نمایاں

وصف جمیل ہے بلکہ اہل طریقت نے تو مخلوق خدا کی خدمت سے کمال حاصل کیا ہے
توجہ و تربیت اہل اللہ کی خدمت کا عظیم حصہ ہے۔

طریقت بجز خدمت خلق نیست
تسبیح و سجادہ و دلق نیست

ایک بار راقم الحروف سرکار مبارک کی حاضری کے لیے بارہ منڈیکس حاضر ہوا۔ تو معلوم ہوا کہ سرکار مبارک شدت گرمی کی وجہ سے بحرین تشریف لے گئے ہیں میرے ساتھ چار اور ساتھی بھی تھے۔ سرکار نے کرایہ پر دریا کے کنارہ مکان لے رکھا تھا، ہم ظہر کی نماز کے بعد حاضر ہوئے۔ سرکار نماز سے فارغ ہو چکے تھے۔ قدم بوسی کے بعد آپ نے فرمایا کہ آپ لوگوں نے نماز ادا کر لی ہے ہم نے عرض کی نہیں تو آپ نے ہمیں نماز ادا کرنے کا حکم فرمایا اور خود گھر میں تشریف لے گئے اور ابھی ہماری نماز ختم ہی ہوئی تھی ہم نے دیکھا کہ سرکار مبارک ہمارے لیے پانچ آدمیوں کا کھانا خود اٹھائے ہوئے تشریف لا رہے ہیں۔ کیونکہ نہ تو اس وقت صاحبزادہ موجود تھا نہ ہی کوئی خادم تو جب ہم سرکار مبارک کے آنے کا یہ منظر دیکھا تو لرزہ براندام ہو گئے۔ فوراً ایک کر آپ کے ہاتھوں سے کھانا لیا تو اندازہ ہوا کہ یہ افعال آپ کے کمال تقویٰ کے ہیں۔ الغرض جہاں سرکار مبارک کا قدم لگا اور لگ رہا ہے وہاں ظاہری باطنی فیوض و برکات کی برسات ہوتی گئی۔ دلوں کی دنیا، تقویٰ، پرہیزگاری، علم و عرفان، دین داری کے کمالات کی دولت سے مالا مال ہو گئی جس سے انقلاب برپا ہو گیا۔

عاجز کو یاد ہے جب جناب میاں محمد سیفی اور راقم الحروف نے مل کر عریانی اور فحاشی کے خلاف جلوس نکالا تو جلوس مال روڈ پر پہنچا۔ ڈیوٹی پر اے سی کینٹ سے ملاقات ہوئی اس کے الفاظ آج بھی ذہن میں گونج رہے ہیں کہ مجھے اس جلوس کے شرکاء کو دیکھ کر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ آسمان سے فرشتے اتر آئے ہیں۔ ان کی صورتوں اور تقویٰ

کو دیکھ کر دل چاہتا ہے کہ ان کا غلام بن جاؤں اور الحمد للہ سرکار مبارک کے غلاموں کا تقویٰ اور کمال آپ ہی کی برکات اور نوازشات کی وجہ سے ہے۔

ان کا سایہ اک تجلی ان کے نقش پا چراغ

وہ جدھر گزرے ادھر ہی روشنی ہوتی گئی

مریدوں کے کمال میں پیر ہی کا کمال ہوتا ہے کسی پیر کے کامل و ناکامل ہونے کو دیکھنا ہو تو اس کے مریدوں کو دیکھ لو۔

آپریشن

پتہ میں درد کی شدت جب بڑھ گئی تو ایکسرے دیکھنے کے بعد ڈاکٹروں نے بغیر آپریشن کے علاج ناممکن کہا اس کی وجہ یہ تھی کہ پتہ میں بہت زیادہ پتھر بن چکے تھے۔ کیونکہ ڈاکٹروں نے یہ کہا کہ اگر آپریشن میں تاخیر ہوگئی تو پتہ پھٹنے کا خدشہ ہے۔ جو انتہائی خطرناک ہے۔

آپریشن کا سن کر سرکار اس وجہ سے پریشان ہوئے کہ آج تک نہ تو میری نماز قضا ہوئی نہ جماعت اور ان معمولات میں فرق آئے گا۔ نمازیں قضا ہوں گی اور وضو سے بھی محروم ہونا پڑے گا یہ مجھے کسی صورت میں بھی گوارا نہیں اس کے علاوہ ہسپتالوں میں جوان نرسیں ٹیکہ علاج وغیرہ کے لیے رکھی جاتی ہیں جو غیر محرم مردوں کو ہاتھ لگاتی ہیں جو جائز نہیں۔ اس قدر تکلیف کے باوجود سرکار مبارک پوری طرح آپریشن کیلئے ڈاکٹروں کے فیصلے کو قبول نہیں فرما رہے تھے۔ اگر یہاں پر سرکار مبارک کی تکلیف کی کیفیت کو تحریر میں لاؤں تو اس کیفیت الفاظ میں بیان کرنا ممکن نہیں۔ سرکار کے بڑے صاحبزادے جسٹس سعید احمد حیدری صاحب نے عرض کیا کہ علاج بغیر آپریشن کے ناممکن ہے۔ جواباً سرکار نے فرمایا، تو پھر نمازوں کا کیا بنے گا۔ اس پر

موقع پر معالج ڈاکٹر محمد امین بھی موجود تھے انہوں نے عرض کیا کہ آپ کے علاج کے لیے ہم نرسیں نہیں بھیجیں گے۔ اور آپریشن ایسے وقت میں کریں گے جس میں نماز قضا نہ ہو۔ خدانخواستہ آپ کا آپریشن نہ کیا گیا تو بیماری بڑھ جانے کا اندیشہ ہے۔

آپریشن نماز ظہر کے فوراً بعد شروع ہوا تاکہ نماز عصر تک ہو جائے۔ آپریشن کے بعد جب سرکار مبارک نے آنکھیں کھولیں تو پہلی بات یہ تھی کہ میری نماز تو قضا نہیں ہوگئی۔ یہ آپ کے کمال تقویٰ کی دلیل ہے۔ سرکار مبارک نے تیمم پر ہی اکتفا نہ کیا وضو کیا کمرے کے اندر ربیڈ سید ھا کر کے مولانا محمد عبدالحکیم شرف قادری کو امامت کا حکم فرمایا ناچیز اور آپ مقتدی بنے۔ اور نماز باجماعت ادا ہوئی۔ آپریشن کا زخم چار انچ سے قدرے زیادہ تھا۔ ڈاکٹر صاحبان یہ کہہ رہے تھے کہیں نماز کی وجہ سے ٹانکیں نہ کھل جائیں تو حضرت فرما رہے تھے کہ اگر اللہ تعالیٰ کے حضور میں حاضری کی وجہ سے ایسا ہوتا ہے تو اس کی پرواہ نہیں۔ جب دوسری نماز عصر کا وقت آیا تو اس کی امامت کے فرائض سید جعفر الحسینی نے فرمائے۔ تو آپ نے نماز عصر اشارے کے بغیر کھڑے ہو کر تمام ارکان کو کامل طور پر بجالاتے ہوئے ادا فرمائی۔

جب نماز مغرب کا وقت آیا تو آپ نے فرمایا کہ اب ہم نماز باجماعت مسجد میں جا کر ادا کریں گے کیونکہ مسجد کا اہتمام ہسپتال کی اسی پوزیشن میں تھا۔ جب سرکار نے مسجد میں جانے کا ارادہ فرمایا تو ڈاکٹروں سمیت سب پریشان تھے۔ کہ آپریشن تازہ ہے مبارک نماز ادا کرنے مسجد میں تشریف لے جا رہے ہیں۔ پریشان ہونے والوں میں صاحبزادہ حیدری صاحب کا نام سرفہرست ہے۔ مبارک نے ان کے چہرہ کی پریشانی کو دیکھ کر فرمایا۔ تم میں سے کسی کو پریشان ہونے کی ضرورت نہیں کیونکہ اللہ تعالےٰ کی بارگاہ میں حاضری سے نقصانات نہیں ہوتے بلکہ فوائد ہی فوائد حاصل ہوتے ہیں۔ یہ تمام باتیں آپ کے اعلیٰ تقویٰ اور کمالات کی نشانیاں ہیں۔ انہی چیزوں کو ہی میرے نزدیک

کرامت کہتے ہیں۔ دراصل یہ کرامت سے بھی اونچا درجہ ہے جس کا نام استقامت ہے۔ کرامتیں بعض دفعہ ایسے لوگوں سے بھی ظہور پذیر ہوئی ہیں جو کمالات کے اعلیٰ درجہ پر فائز نہیں ہوتے استقامت ہمیشہ اعلیٰ کمال سے سرفراز لوگوں سے ہی ظہور پذیر ہوتی ہے۔

کھانے پینے میں زہد واتقا

پہلے بیان ہو چکا ہے زہد سے مراد دنیا سے بے رغبت ہو جانا اور اتقا ہے۔ سرکار مبارک مدظلہ کو زہد و اتقا میں ارفع و اعلیٰ مقام حاصل ہے۔

آپ کو چھوٹے چھوٹے کاموں میں بھی شریعت مطہرہ کی انتہائی پابندی فرماتے ہوئے دیکھا ہے۔ ہر وقت ذکر الٰہی میں مشغول رہنا خدائے واحد و قہار کی بندگی کا اس قدر شوق اور غلبہ کے ساتھ کرنا اس کیفیت کو ہم سرکار مبارک کی جوانی سے لے کر اب تک یکساں دیکھتے آرہے ہیں۔ مجال ہے معمولی بھی فرق آئے۔ یعنی پہلی کیفیت کا غلبہ ابھی تک ویسا ہی ہے۔ چند دفعہ راقم الحروف کے سامنے مختلف سیرپ ڈاکٹر کے مشورے سے لائے گئے۔ تو معلومات حاصل فرمائی تو اس میں کہیں الکوحل تو نہیں جس قدر بھی تکلیف ہو جب دوائی میں الکوحل ثابت ہو یا کوئی کہہ دے کبھی بھی اس دوائی کو دوبارہ استعمال نہیں فرمایا۔

جب سرکار اس خادم کی دعوت پر لاہور تشریف لائے۔ چونکہ سرکار مبارک نے غلام کے نکاح پڑھانے کی خاطر آبائی گاؤں موضع کوٹ سرور تحصیل پنڈی بھٹیاں ضلع حافظ آباد میں تشریف لے جانا تھا۔ میری شادی کے انتظامات قبلہ والد صاحب صوفی سلطان محمود صاحب نے ہمارے جانے سے پہلے کیے ہوئے تھے تو اس کھانے پینے کے انتظام میں پیپسی کی بوتلیں تھیں تو لاہور میں ساتھیوں نے کہہ دیا اس میں

نر الکوحل ہے کیونکہ گاؤں میں متبادل بوتلوں کے ملنے کا انتظام نہیں تھا تو حضرت نے سادہ پانی نوش فرمایا۔ سادہ پانی پینے کی وجہ یہ تھی جب بوتلوں سے انکار کیا تو انہی جگہوں میں پیپسی کی بوتلیں ڈالی گئی تھیں اور دوبارہ انہی میں شربت تیار کر کے دیا گیا۔ آپ نے فرمایا کیا پیپسی والے کو نکال کر برتنوں کو صاف کیا گیا ہے۔ قبلہ والد محترم نے عرض کیا کہ حضور نہیں تو آپ نے فرمایا صفائی کے بغیر برتنوں میں دوبارہ شربت تیار کرنے سے الکوحل والی پیپسی کی تاثیر شامل ہے اس لیے مجھے سادہ پانی ہی کافی ہے جیساکہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

وتعاونوا علی البر والتقوی ولا تعاونوا علی الاثم والعدوان ص۔

(المائدۃ۔ ۵ : ۲) ۲۶

ترجمہ: اور ایک دوسرے کی مدد کرو نیکی اور تقویٰ پر اور نہ مدد کرو گناہ اور زیادتی پر۔

یعنی اہل مکہ نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے صحابہ کو روز حدیبیہ عمرہ سے روکا۔ ان کے اس معاندانہ فعل کا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انتقام نہ لیا۔ بعض مفسرین نے فرمایا جس کا حکم دیا گیا اس کا بجالانا اور جس سے منع فرمایا گیا اس کو ترک کرنا تقویٰ، اور جس کا حکم دیا گیا اس کو نہ کرنا۔ گناہ اور جس سے منع کیا گیا اس کا کرنا زیادتی کہلاتا ہے۔ کیونکہ کفار نے مسلمانوں کو کعبہ کی زیارت یعنی عمرہ کرنے سے روک دیا تھا تو مسلمانوں میں یہ خیال پیدا ہوا کہ جن علاقوں پر مسلمانوں کا قبضہ ہے۔ وہاں سے ان کو روکیں۔

حدیث پاک ہے راوی حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ ہیں:

قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

ان الحلال بین والحرام بین وبینہما مشتبہات یعلمہن کثیر من

الناس فمن اتقی الشبهات استبرا لدنیا وعرضہ ومن وقع فی الشبهات وقع فی الحرام کالراعی یرعی حول الحمی یوشک ان یرتع فیہ الا وان لکل ملک حمی الا وان حمی اللہ محارمہ۔

(صحیح مسلم کتاب المساقات باب اخذ الحلال وترک الشبہات)

ترجمہ: انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔ حلال واضح اور حرام واضح ہے اور ان کے درمیان کچھ چیزیں مشتبہ ہیں جن کو اکثر لوگ نہیں جانتے جو ان مشتبہ چیزوں سے بچا وہ اپنے دین اور اپنی آبرو کو بچائے گا اور جو مشتبہات میں پڑا وہ حرام میں مبتلا ہوا۔ جس طرح وہ چرواہا جو چراگاہ کے پاس اپنا گلہ چراتا تھا۔ اغلب ہے کہ اس کا گلہ چراگاہ میں پڑ جائے۔ آگاہ! ہر بادشاہ کے پاس محفوظ علاقہ ہوتا ہے اور اللہ کا محفوظ علاقہ اس کے محارم ہیں۔

اس حدیث پاک سے ثابت ہوا کہ جو چیزیں حلال ہیں وہ واضح طور پر ظاہر ہیں جو چیزیں حرام ہیں وہ بھی کتاب وسنت سے ثابت ہیں۔ اللہ کی حرام کی ہوئی چیزوں کو حرام قرار دینا اور حلال چیزوں کو حلال سمجھنے کے بغیر وہ شخص مسلمان نہیں ہو سکتا بعض چیزیں ایسی ہیں نہ ان کو واضح حلال کہا گیا ہے۔ اور نہ حرام کہا گیا ہے ان صورتوں میں احتیاط کے پہلو کو اختیار کریں۔ مشتبہ میں نہ پڑے تو وہ بہتر ہے۔ الحمد للہ سرکار مبارک مدظلہ کو چھوٹی چھوٹی چیزوں میں انتہا درجے کی احتیاط کرتے دیکھا ہے۔

یہ حالات تو اب ہیں ورنہ اس سے پہلے جب صحت مبارک اچھی تھی اور کھانا پرہیزی نہ تھا تو سب کے لیے ایک جگہ کھانا آتا اور آپ سب کے ساتھ مل کر تناول فرماتے۔ اب تو نہ نمک مرچ نہ گھی فقط ابلا ہوا کھانا ہے۔ اس کو کھانا آپ ہی کی ہمت ہے اور چند سالوں سے متواتر صحت مبارک کی خرابی کی وجہ سے ایسا ہے۔ بعض دفعہ آپ کے

لیے علیحدہ کھانا گھر سے تیار ہو کر آتا۔ آپ کھانے سے فارغ ہونے کے بعد بچا ہوا کھانا احباب میں تقسیم کرتے تو دوستوں کو خود ہی پتا چل جاتا یہ تو ایسا کھانا ہے کہ اس کو کھانا ہی بہت مشکل ہے مگر کھانا کیونکہ گھر سے تیار ہو کر آتا ہے لیکن نسبت کی وجہ سے فیض کی کیفیت مختلف ہوتی ہے۔ دنیا کی لذت کے اعتبار سے تو اسے بے مزہ کہا جا سکتا ہے مگر سرکار مبارک کے فیض برکت کی وجہ سے اس کھانے کے متبرک ہونے کا صحیح اندازہ تو ایک مخلص سالک ہی لگا سکتا ہے۔

کھانا شروع کرنے سے پہلے نمک ضرور استعمال فرماتے ہیں اسی طرح آخر پر بھی، اسی طرح ہاتھ کھانے کے شروع میں بھی دھلائے جاتے اور آخر پر بھی۔

حدیث پاک میں ہے کہ:-

قال قرأت فی التوراۃ ان برکتہ الطعام الوضو بعدہ فذکرت ذلک لبنی صلی اللہ علیہ وسلم واخبرتہ بما قدات فی التورۃ فقل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم برکتہ الطعام الوضو قبلہ والوضو بعدہ۔

تواضع

حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

من تواضع رفعہ اللہ

جس شخص میں جتنی تواضع ہو گی اس میں اسی قدر حقیقی بلندی و بزرگی ہو گی۔

تقویٰ کے معنی اللہ تعالیٰ کے منع کردہ یا ناپسندیدہ چیزوں سے خوف، محبت، حیاء کی بنا پر رکنا، بچنا اور اللہ تعالیٰ کی معرفت اور اس کی محبت پر یقین رکھتے ہوئے احساس یقینی کے ساتھ اس کی عبادت کرنا۔ اور جب بندہ میں یہ اوصاف پیدا ہو جائیں تو وہ ولی اللہ کہلاتا ہے۔

چونکہ تقویٰ کے بغیر تواضع ناممکن ہے۔ تواضع کا سب سے زیادہ حق اللہ تعالیٰ کا ہے۔ اس کی بارگاہ میں جس قدر تواضع ہو گی اس قدر کمالات بڑھیں گے جس طرح پھلدار درخت کی خدمت ہو تو پھل زیادہ ہوتا ہے اور جب پھل لگ جائے تو اس میں جھکاؤ پیدا ہو جاتا ہے۔ جس قدر پھل زیادہ ہو گا جھکاؤ اور تواضع اسقدر زیادہ ہو گی۔

کسی شاعر نے خوب کہا ہے۔

جو عالی ظرف ہوتے ہیں ہمیشہ جھک کے ملتے ہیں
صراحی سرنگوں ہو کر بھرا کرتی ہے پیمانہ

یہی حال اہل اللہ کا ہے جس قدر اللہ کی بارگاہ میں تواضع ہو گی اسی قدر انعامات

کمالات، انوارات و مشاہدات کی برسات ہوگی، کیونکہ اس کی ذات اقدس سے تو انسان کی کوئی چیز پوشیدہ نہیں۔ وہ تو ہماری خلوت و جلوت کے تمام چھوٹے بڑے حالات کو جانتا ہے۔ جب کسی بڑے کی بارگاہ میں یا اس کے سامنے جو رازوں کو جانتا ہو، نظر نہیں اٹھا سکتا اس ڈر سے کہ کہیں یہ راز فاش نہ کردیں۔ الغرض ہر کام میں اسی کے سامنے تواضع کرنی چاہیے، خاص طور پر عبادت میں، اگر کوئی شخص صبح و شام ذکر کرتا ہے اور اسے ہر کمال و ملکہ حاصل ہے۔ مگر اسے تقویٰ اور تواضع حاصل نہ ہو تو جاننا چاہیے کہ اس کو بھی تعلق یا نسبت کامل حاصل نہیں ہوئی اور نہ ہی وہ اولیاء کی مبارک جماعت میں داخل ہوا ہے۔ اس لیے کہ کسی کو جس طرح کی صفت احسان حاصل ہوگی۔ وہ اس درجہ کا متقی اور تواضع والا بن جائے گا۔

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:۔

ان اولیاءہ الا المتقون

ترجمہ: اللہ تعالیٰ کا کوئی ولی نہیں ہوسکتا سوائے پرہیزگاروں اور متقین کے۔

احسان

حضرت مولانا قاضی محمد ثناء اللہ پانی پتی قدس سرہٗ "مالا بد منہ" "کتاب الاحسان" میں تحریر فرماتے ہیں:

جان تو نیک بخت کہ تجھ کو اللہ تعالیٰ یہ سارے مسائل جو مذکور ہوئے ہیں ایمان، اسلام اور شریعت کی صورتیں ہیں یعنی شریعت کے ظاہری احکام ہیں اور شریعت کی

حقیقت اور مغز درویشوں کی خدمت میں تلاش کرنا چاہیے اور یوں نہ کہنا چاہیے کہ حقیقت شریعت کے خلاف ہے کہ یہ جاہلوں کی بات ہے اور ایسا کہنا کفر ہے یہی شریعت ہے کہ درویشوں کی خدمت میں اور رنگ پیدا کرتی ہے یعنی دل جب جسمانی تعلق اور علوم ظاہری کے تعلق اور اللہ کے سوا جتنے علاقے ہیں سب سے پاک ہو جاتا ہے اور خدا کی بندگی میں خلوص پیدا ہو جاتا ہے تو یہی شریعت اس کے حق میں مغز دار ہو جاتی ہے اور اس کی نماز خدا کے نزدیک اور علاقہ (تعلق) بہم پہنچاتی ہے یعنی دو رکعت اس کی اور دل کی لاکھ رکعت سے بہتر ہوتی ہے اور یہی حال اس کے روزے اور صدقے وغیرہ کا بھی ہوتا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اگر تم سب احد پہاڑ کے برابر سونا خدا کی راہ میں خرچ کرو گے تو میرے صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین جو خدا کی راہ میں ایک سیر یا آدھ سیر جو دیں تو وہ اس سونا کے برابر نہ ہوگا۔ یہ مراتب قوت ایمان اور اخلاص کے سبب تھے۔ اور پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کے باطنی نور کو درویشوں کے سینے سے ڈھونڈنا چاہیے اور اسی نور سے اپنے سینے کو روشن کرنا چاہیے تاکہ ہر نیک و بد صحیح فراست سے دریافت ہو جائے۔ قرآن شریف میں ولی، متقی کو فرمایا گیا اور حدیث میں فرمایا گیا ہے کہ اولیاء اللہ کی علامت یہ ہے کہ ان کی محبت میں خدا یاد آجائے یعنی ان کی محبت میں دنیا کی محبت کم ہو جائے اور خدا کی محبت زیادہ ہو لیکن جو آدمی متقی نہیں ہوتا وہ ولی نہیں ہوتا۔

مولانا رومؒ فرماتے ہیں:۔

اے بسا ابلیس آدم روے ہست
پس بہر دستے نشاید داد دست

بہت سے ایسے آدمی بھی ہیں جن کی صورت انسانوں کی سی ہے لیکن درحقیقت وہ شیطان ہیں لہذا ہر ہاتھ میں اپنا ہاتھ نہ دینا چاہیے۔

حضرت عزیزان علی رامیتنی قدس سرہٗ فرماتے ہیں۔

با ہو کہ نشینی و نہ شد جمع دلت
وز تو نہ رمید صحبت آب و گلت
زنہار ز محبتش گریزان می باش
ورنہ نہ کند روح عزیزان بحلت

ہر وہ شخص کہ جس کے ساتھ تو بیٹھے اور تجھے اطمینان میسر نہ ہو اور تجھ سے دنیا کی محبت دور نہ ہوئی۔ لازماً اس کی محبت سے گریز کر۔ اگر ان کی محبت سے گریز نہ کریگا تو پاک لوگوں کی روح سے تجھے فیض حاصل نہ ہوگا۔

سرکار مبارک کی اپنی تحریر سے استفادہ کریں۔ اگرچہ وہ تحریر بظاہر ایک ناعاقبت اندیش کے جواب میں فرمائی ہے۔

فرماتے ہیں :-

اپنے پیر بزرگوار (مولانا محمد ہاشم سمنگانی رحمۃ اللہ علیہ) کی زندگی میں کثیر تعداد علماء کرام و عوام اہلسنت فقیر کے حلقہ بیعت میں شامل تھے مثلاً علامہ عبدالحی زعفرانی (مفتی اعظم افغانستان)، مناظر اسلام علامہ صاحب گل المعروف غزنی مولوی صاحب شہید رحمۃ اللہ علیہ۔ استاد کل جامع المعقول والمنقول علامہ محمد شاہ المعروف روحانی صاحب (ترکستانی) وغیرہ منقدر علماء کرام افغانستان کی ہجرت سے پہلے فقیر کے حلقہ بیعت میں شامل تھے اور یہ کوئی مخفی بات نہیں ہے۔

ابتدائے خلافت سے لے کر آج تک تقریباً ۲۸ سال گزر گئے ہزاروں کی تعداد میں علماء کرام، سادات کرام فضلاء، طلبہ، قراء کرام، بہت سے مفتی اور عوام مسلمانان اہل سنت فقیر کی زیر بیعت میں داخل ہیں اور سب کے سب قائل ہیں کہ انہیں نور اور

فیض اس فقیر کی محبت سے حاصل ہوا ہے اور اس بات کے بھی قائل ہیں کہ فقیر کی توجہ اور محبت سے ان کے امراض باطنیہ زائل ہو گئے اور نفوس مطمئن ہو گئے۔ اتباع شریعت کی توفیق حاصل ہو گئی۔ علوم و معارف کشوف حقہ اور حلاوت ایمان نصیب ہو گئی۔ (ہدایت السالکین صفحہ ۵۰ اشاعت محرم الحرام ۱۴۱۶ھ)

یہ شواہد سرکار مبارک کی ولایت اور کمالات و معارف پر واضح دلائل ہیں۔

احسان کا ذکر حدیث میں

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے۔

قال بینما نحن جلوس عند رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ذات یوم اطلع علینا رجل شدید بیاض الثیاب شدید سواد الشعر لا یری علیہ اثر السفر ولا یعرف من نخد یہ وقال یا محمد صلی اللہ علیہ وسلم اخبرنی علی الاسلام فقال رسول اللہ علیہ وسلم الاسلام ان تشہد لا الہ الا اللہ وان محمد رسول اللہ وتقیم الصلوۃ وتؤتی الزکوٰۃ و تصوم رمضان وتحج البیت ان استطعت الیہ سبیلا قال صدقت نعجبنا لہ یسالہ وصدقہ قال ان تؤمن باللہ و ملائکتہ وکتبہ ورسلہ والیوم الاخر وتؤمن بالقدر خیرہ وشرہ قال صدقت قال فاخبرنی عن الاحسان قال ان تعبد اللہ کانک تراہ فان لم تکن تراہ فانہ یراک ... (النووی فی الاربعین)

ہم رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھے تھے کہ اچانک ہمارے سامنے تیز سفید پروں اور تیز سیاہ بالوں والا ایک آدمی نمودار ہوا، اس پر سفر کے آثار بھی

نہیں تھے اور ہم میں سے کوئی بھی اس کو نہیں پہچانتا تھا۔ اس نے اپنے زانوؤں کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے زانوؤں مبارک کے ساتھ ملایا اور اپنی ہتھیلیوں کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے زانوؤں پر رکھ کر کہا کہ اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم مجھے بتایئے اسلام کیا ہے؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اسلام یہ ہے کہ اس بات کی گواہی دینا کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں اور یہ کہ تو نماز پڑھا کرے اور زکوٰۃ دیا کرے اور رمضان المبارک کے روزے رکھے اور اگر استقامت ہو تو خدا کے گھر کا حج کرے تو اس نے عرض کیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سچ فرمایا ہم بڑے حیران ہوئے کہ خود ہی سوال کرتا ہے اور خود ہی تصدیق۔ اس نے عرض کیا مجھے فرمایئے کہ ایمان کیا ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ایمان یہ ہے کہ تو اللہ جل جلالہ پر، اس کے فرشتوں پر، اس کی کتابوں پر، اس کے رسولوں پر، یوم آخرت پر اور اچھی اور بری تقدیر پر یقین رکھے۔ اس نے عرض کیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سچ فرمایا پھر اس نے عرض کیا کہ احسان کیا ہے آپ نے فرمایا کہ تو اللہ تعالیٰ کی اس طرح عبادت کر کہ گویا تو اسے دیکھ رہا ہے اگر تو اسے نہیں دیکھتا تو وہ تجھے دیکھ رہا ہے۔

..........☆..........

احسان

عہد صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین میں اہل علم کو احسان کے نام سے موسوم کرتے تھے. جیسا کہ مذکورہ حدیث سے ثابت ہے۔

الاحسان راجع الی اتقان العبادات ومراۃ حقوق اللہ و مراقبۃ واستحضار عظمۃ وجلالۃ حال العبادت وھذا حال اولیاء اللہ العارفین الصارفین اوقاتھم الافضل الاعمال واحسن الاحوال من محاسبۃ النفس ودوام ذکر اللہ وتصفیۃ القلب ومراقبۃ الاعمال ومکاشفۃ الحضور والاحوال .....

احسان کا مطلب یہ ہے کہ عبادت عمدگی کے ساتھ ادا کرنا. یا اللہ تعالیٰ جل جلالہٗ کے حقوق کا پورا خیال رکھنا. اس کے مراقبات اور عظمت کا استحضار کرنا اور عبادت کے وقت اس کی جلالت کا استحضار کرنا یہ اولیاء اللہ کا حال ہے. جو عارفین ہیں اور اپنے اوقات کو بہترین اعمال اور احوال میں بسر کرتے ہیں نفس کا محاسبہ کرتے ہیں، ہر لحظہ اللہ کا ذکر کرتے ہیں. دل کو امراض باطنہ سے صاف کرتے ہیں، اپنے اعمال کی حفاظت کرتے ہیں، اپنے وجود اور احوال کو ظاہر کرتے ہیں۔

یہ تمام اموال احسان پر دلالت کرتے ہیں جیسا کہ قاضی ثناء اللہ صاحب پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ عارف کی ایک رکعت اوروں کی ہزار رکعت سے بہتر ہے. ایسی ہی عبارت کفایۃ الاتقیاء میں مذکور ہے۔

ورکعة من عارف تفضل من الف رکعة من عالم غیر عارف ولاعبرة لانکار بعض المبتدعة لانهم شاهدوا فی انفسهم لم یجدوا احدا متصفا بالکرامة والخوارق والمواجید والاحوال توتوعهم فی الزیغ والضلال توتعوا فی انکار التصوف واهله ویحسبون انهم علی هدی من انهم کما هو داب جمیع فرق الضالة ۔

عارف کی ایک رکعت غیر عارف عالم ظاہر کی ایک ہزار رکعت سے بہتر ہے اور تصوف کے بعض ، مبتدعین کے انکار کا اعتبار نہیں ہے کیونکہ وہ دیکھتے ہیں کہ ان میں سے کوئی بھی کرامت ، خوارق مواجید اور احوال سے متصف نہیں ہے ۔ چونکہ وہ مبتدعین محرومی اور گمراہی میں واقع ہوئے ہیں اس لیے تصوف اور اہل تصوف سے انکار کرتے ہیں اور یہ سمجھتے ہیں کہ ہم اللہ تعالیٰ کی جانب سے ہدایت پر ہیں جس طرح تمام گمراہ شدہ فرقوں کی پختہ عادت ہے ۔

انسانی تربیت

سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ مال یعنی کثرت زر میری امت کا فتنہ ہے ۔ آج اس میں ہر شخص مبتلا ہے ۔ جب تک یہ امت اس فتنے سے محفوظ رہی دین کا بول بالا رہا بحر و بر پہ سیادت رہی ، انسان و جن پر قیادت رہی اپنوں اور غیروں پر ہیبت رہی اور ملی وقار پہ تمکنت رہی اور جب مسلمان مال و دولت کی حرص و ہوا میں مبتلا ہوئے تو ہر شے رخصت ہوگئی ۔ اولیاء کبائر کی عظیم شخصیات جو حرص اور لالچ سے بے نیاز متوکل الی اللہ ہو کر بے لوث اللہ کی مخلوق کی خدمت کرتے رہے ہیں جن میں درد و اخلاص [illegible] داری کا وہ جذبہ کارگر ہوتا ہے جو اپنی فکری اہمیت کے

اعتبار سے اپنی مثال آپ ہوتے ہیں، ان اولیاء کاملین کی مقدس جماعت ہر دور میں پیش رہی۔ اس زمانے میں حضرت سیدی و مرشدی اخندزادہ سیف الرحمن مبارک کا نام سنہری حروف میں لکھنے کے قابل ہے جن کی کاشف اسرار شخصیت نے ٹوٹے ہوئے دلوں کو تابانی عطا فرمائی اور جن کی کیمیائی توجہ نے بھٹکے ہوئے انسانوں کو گمراہی کے بھنور سے نکال کر رشد و ہدایت اور کمالات کی منزل پر چلا دیا، آپ کے توکل و استغنار کے فروزاں چراغوں کی لازوال روشنی سے فیض پا کر لاکھوں انسانوں کے سینے منور ہوئے اور وہ عمل کا ایسا پیکر بنے کہ لوگ ان کے تقویٰ و اعمال کو دیکھ کر حیران ہو گئے کہ ان کی سابقہ زندگی کے برعکس ان میں کیسا انقلاب برپا ہو گیا۔ آج لاتعداد دلوں پر سرکار مبارک مدظلہ کی عظمت کے پرچم لہرا رہے ہیں۔ اور پوری دنیا میں ذکر و فکر، حال و مستی، نالہ و فغاں کی صدائیں بلند ہو رہی ہیں اور سلسلہ نقشبندیہ کو شہنشاہ نقشبند و امام ربانی مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کے بعد وہ تابانیاں و رعنائیاں نصیب ہوئیں اور آپ کے احیائے دین سے باغ سنت میں بہار آئی کہ جس بھی پھول کو دیکھا اس کی مہک و چمک نے چمنستان کو معطر کر دیا۔ یہ ساری بہاریں اور چمک دمک سرکار کی تربیت و انسان سازی کا کمال ہے۔ ہیرے کو جب تک تراشا نہ جائے اس وقت تک اس میں چمک دمک نہیں پیدا ہو سکتی۔ اس کی چمک دمک کا اعتبار اس کے اچھا تراشے جانے پر ہے۔ کسی پیر کے کمالات کو اگر دیکھنا ہو تو اس کے مریدوں کی اچھی تربیت سے اندازہ کیا جا سکتا ہے۔ آپ نے انسان سازی کا کام سرانجام دیتے ہوئے اپنی توجہ سے اسے تقویٰ کی وہ معراج عطا کی کہ جس کی قدر و منزلت اور پاکیزگی کی کیفیت کو صرف اس کو حاصل کرنے والا ہی محسوس کر سکتا ہے۔ آپ کی عظیم شخصیت نے دین اسلام کے سنہری اصولوں کو وہ دوام بخشا ہے کہ جس سے قرونِ اولیٰ کی

یادیں تازہ ہوگئی ہیں۔

اس کے بعد آپ نے تعلیم و توجہ کا سلسلہ اپنے آستانہ میں شروع فرمایا۔ پاکستان کے کئی احباب آپ سے فیضیاب ہوئے۔ آپ کی درویشانہ محبت لوگوں کی بے زار و بے مقصد زندگی کو خوشگوار اور بامقصد بناتی ہے اور افراد کی قابلیت و استعداد کے مطابق منزل کی نشاندہی کرتی ہے۔ آپ کا کسی معمولی آدمی کو اپنی مبارک توجہ سے نوازنا علمی، نظریاتی، روحانی اور بدنی عوارض کے لیے تیر حدف ثابت ہوتا ہے۔ اگرچہ ہر انسان میں کوئی نہ کوئی خاص صلاحیت موجود ہوتی ہے لیکن اکثر افراد اپنی ان اعلیٰ صلاحیتوں سے بے خبر ہوتے ہیں۔ یا ان سے صحیح کام لینے سے عاجز ہوتے ہیں ایسی پوشیدہ اور خوابیدہ صلاحیتوں کو ڈھونڈ نکالنا اور انہیں درست سمت میں متحرک کرنا مبارک صاحب مدظلہٗ کا خاصا اور فہم و فراست کا کمال ہے آپ نے اس کمال و عظمت و توجہ سے بے شمار چنگاریوں کو چراغ اور چراغوں کو آفتاب و مہتاب بنادیا۔

علم و ادب، قرآن و حدیث و فقہ میں آپ کی تحقیق ایسی کہ ایک وسیع حلقہ آپ کی زبان سے نکلی ہوئی بات اور قلم سے نکلی ہوئی تحریر کو حرف آخر سمجھتا ہے کیونکہ جن کو آپ نے اپنی توجہ کے کمال سے باکمال بنایا، ان کے لیے آپ کا ہر ہر لفظ چاہے تقریری ہو یا تحریری وہ ایک انمول موتی کا درجہ رکھتا ہے۔ مگر حلقہ مریدین کے علاوہ دوستی اور کتاب شناسی میں آپ کا کوئی ثانی نہیں، اکثر اہل علم افراد آپ کے پاس کھنچے چلے آتے ہیں اور اپنی طلب و توقع سے کہیں زیادہ مطمئن و بامراد واپس لوٹتے ہیں۔ آپ کی پرخلوص رہنمائی و توجہ اور معاونت عارضی نہیں ہوتی۔ بلکہ اس وقت تک جاری و ساری رہتی ہے کہ بندہ اپنا کام مطلوب و مقصود حاصل کرکے اپنی منزل تک رسائی حاصل کرلیتا اور کمال تقویٰ کو پالیتا ہے۔

آپ کا ذاتی کتب خانہ مثالی ہے اور علم کے پیاسوں کی پیاس بجھانے کے لیے اپنے تجربہ کو بھی اس علم کے ذوق کے ساتھ شامل فرماتے ہیں اور ہر طالب ذوق کی راہنمائی اس کے شوق کی حد تک فرماتے ہیں۔

اہل علم کبھی آپ کی گفتگو رعلم سے تنگ و پریشان نہیں ہوئے۔ سرکار مبارک کا تعلق باعظمت اولیاء کے گروہ سے ہے کہ جن کے نزدیک شہرت و دولت و جاہ و دنیا کی کوئی وقعت نہیں اس لیے آپ کا دامن ان الائشوں سے پاک ہے۔

آپ کا آستانہ دکھی انسانیت کی خدمت کا ایک مرکز ہے۔ یہاں پر عوام الناس کے ساتھ علماء و خطباء، پیر و فقیر، تاجر و ڈاکٹرز، پروفیسر، وکیل، عام و خاص سب آپ مبارک کے علم و عرفان کے فیوضات کی برکات حاصل کرتے ہیں سرکار مبارک اپنوں اور بیگانوں میں فرق نہیں رکھتے۔ عطا میں ہر ایک کے ساتھ یکساں ہیں اور ہمہ وقت سالکین کو حقیقی یعنی معرفت الٰہی کا اجالا پھیلانے میں مصروف عمل ہیں۔ اور آپ درویشانہ رنگ میں ہر آنے والے کو رنگتے ہیں۔ ایسی نابغہ روزگار شخصیت جو خدمت کروانے کی بجائے ہر وقت خدمت کرنے میں زندگی وقف فرما رکھی ہے اور اہل علم کا جملہ ہے۔ میرے استاد المکرم علامہ ابوالفیض محمد عبد الکریم ابدالوی شیخ الولایت خانقاہ ڈوگراں فرمایا کرتے ہیں۔ کہ اخندزادہ مبارک ایک عظیم دانشور، ایک محقق، ایک درویش، ایک فقیر اور اہل علم ہونے کے ساتھ اہل علم و اہل قلم دانشوروں کی قدر اور ان سے محبت کرنے والے ہیں۔ اس گل میں خوشبو بھی ہے اور نالۂ دل بھی ہے اور محفل بھی ہے۔ قبلہ استاد المکرم کا جملہ حق ہے۔ جب بھی آستانہ عالیہ پر حاضری ہوئی ہر بار بڑے بڑے اہل علم و فضل و اہل قلم سے ملاقاتیں ہوئیں۔ اور ہر علم و فضل والا آپ کے اخلاق و اخلاص کا گرویدہ ہے۔ اور آپ کی نیازمندانہ محبت اور التفات کا دیوانہ ہے، آپ اہل علم کی میزبانی کا

پورا حق ادا فرماتے ہیں اور امتیازی انداز سے علمی اور تحقیقی کام کرنے والوں کی راہنمائی فرماتے ہیں۔ میں کئی سینکڑوں مشاہیر و اہل علم کو جانتا ہوں جو بعض علمی مسائل کے حل کے لیے آپ کے پاس حاضر ہوئے اور آپ مبارک نے ان محققین و مدرسین کی راہنمائی سے کبھی پہلوتہی نہ فرمائی۔ راہنمائی کے ساتھ کتابیں خرید کر عطا فرماتے۔ کتابوں کے حوالہ جات میں مدد دیتے کسی کے ایک سوال کے جواب میں کتابوں کی قطار لگا دی۔ آپ کے کتب خانہ میں نادر و نایاب کتابوں کا ایک عظیم ذخیرہ ہے۔ گویا آپ اہل علم و دانش اور اہل محبت کی جلوہ گاہ ہیں۔ آپ کی محبت میں اگر ایک جاہل بھی عرض گزار ہے تو ایک وقت کے بعد اس کی معلومات کا ذخیرہ بڑے بڑے سکالروں سے زیادہ ہو گیا، اس وقت وہ شخص ایک کندن بن کر نکلا۔ جس باغ کی آپ نے آبیاری کی آج اللہ کے فضل و کرم سے اس میں بہار ہے۔

سرکار مبارک کے تقویٰ پر ایمان افروز واقعہ

جن دنوں میں میاں محمد سیفی دربار سید ہجویری داتا گنج بخش صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے آستانہ عالیہ میں محفل ذکر کیا کرتے تھے اور اس میں خود بنفس نفیس جلوہ فرما ہوتے تھے۔ تو دوران محفل ذکر ایک صاحب جن کا نام میاں محمد منشی تھا، اس نے بلال گنج میں اپنے نام پر ایک ہسپتال بھی بنوایا ہے۔ میاں محمد منشی نے میاں محمد سیفی صاحب سے عرض کیا کہ میری خواہش ہے کہ میں ہسپتال کی طرح ایک عظیم الشان دینی مدرسہ بھی قائم کروں اور اگر آپ قبول فرمالیں تو آپ کے لیے مدرسہ کے ساتھ ایک عظیم الشان مسجد اور آستانے کی بھی تعمیر کروں گا۔ گویا یہ کل منصوبہ ۱۲ کنال میں طے پایا ان دنوں

آستانہ عالیہ راوی ریان شریف مسجد و مدرسہ وغیرہ کی بنیاد نہیں رکھی گئی اور محفل ذکر میاں صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا جہاں گھر ہے جسے آج کل چھوٹا آستانہ کہتے ہیں وہیں ہوا کرتی تھی۔ تو اس نے اس تمام منصوبے کی تعمیر کی ذمہ داری بھی اٹھانے کا وعدہ کیا میاں صاحب نے جواباً کہا کہ میں اپنے مرشد کی اجازت کے بغیر کوئی بھی فیصلہ خود نہیں کر سکتا اور نہ کروں گا اور آپ رحمۃ اللہ علیہ نے اجازت فرما دی تو آپکی پیشکش قبول کروں گا اور اگر اجازت نہ فرمائی تو یہ چیز میرے اختیار میں نہیں کہ میں آپ کی اجازت کے بغیر قبول کر لوں۔ یہ واقعہ میاں صاحب نے راقم الحروف سے ذکر کیا۔ ہم اکٹھے کاشانہ سیفیہ پر حاضر ہوئے تو سرکار کاشانہ کی بجائے آستانہ عالیہ پر مریدین کے جم غفیر میں تشریف فرما تھے۔ ہم نے میاں محمد منشی کی پیشکش کو حضور سرکار مبارک مدظلہ کی بارگاہ عالیہ میں عرض کیا۔ سرکار نے پوچھا کیا وہ سالک ہے میاں صاحب نے جواب دیا نہیں۔ سرکار نے پوچھا متبع سنت ہے تو میاں صاحب نے عرض کیا نہیں تو آپ نے فرمایا۔ جس کا اخلاص نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت کے ساتھ نہیں وہ اتنی بڑی قربانی کیسے دے گا۔ اور اگر واقعی وہ اپنے اخلاص میں مخلص ہے تو پہلے اپنی شکل کو درست کرے پھر اصلاح باطن کے لیے آپ سے ذکر حاصل کرے تب اس کی پیشکش قبول کی جا سکتی ہے ورنہ نہیں۔

وہ تخت سکندری پہ تھوکتے نہیں
بستر لگا ہے آقا جن کا تیری گلی میں

اس واقعے میں سرکار مبارک کے اعلیٰ تقویٰ کی واضح دلیل ہے۔

اس سال یعنی ۱۹۹۹-۱۴۱۹ ماہ رمضان المبارک کے درمیانی عشرہ میں پیر طریقت گلزار احمد سیفی نے فون پر اطلاع دی کہ عاشق رسول صلی اللہ علیہ وسلم میاں محمد سیفی نے فون پر اطلاع دی ہے کہ ہم تینوں آستانہ عالیہ پر حاضر ہونگے تو جب حاضر ہوئے اور

قدم بوسی کے بعد ہمارے ایک پیر بھائی جو کہ پشاور شہر کے عظیم الشان تاجر ہیں تشریف لائے انہوں نے سرکار مبارک کی بارگاہ عالیہ میں اعلیٰ اون کی بنی ہوئی جرسی پیش کی جو مبارک صاحب کو بہت پسند آئی۔ آپ نے جناب جاوید بٹ سے دریافت فرمایا کہ اس کی قیمت کیا ہے؟ اس نے عرض کیا کہ سرکار جتنے میں لایا، حضور کی خدمت میں پیش کر دی ہے۔ جب آپ نے بار بار اسرار کیا تو بٹ صاحب نے غالباً (۱۲۰۰) بارہ سو عرض کیا تو سرکار مبارک نے بارہ سو روپے اپنی جیب سے نکال کر بٹ صاحب کو عطا کر کے فرمایا کہ جو تم نے پیش کی وہ تو تحفہ ہو گیا اب یہ بارہ سو اس لیے ہے کہ میرے لیے اس جیسی ایک اور جرسی خرید لاؤ۔

بٹ صاحب نے عرض کیا کہ حضور میرے پاس جو مال و دولت ہے وہ آپکی دعاؤں کی برکات سے ہی ہے۔ میں اور لے آؤں گا۔ جواباً سرکار مبارک نے فرمایا کیونکہ اب جرسی کی مجھے ضرورت ہے اور سوال کرنا شریعت میں حرام ہے۔ میں نے پوری زندگی میں کبھی بھی کسی مرید سے کچھ طلب نہیں کیا اگر تم پیسے نہیں لو گے تو میں جرسی نہیں لوں گا۔ سرکار کے بار بار تکرار کی بنا پر اس نے پیسے لے لیے اور عرض کرنے لگا کہ یہ پیسے آپ اب میری طرف سے تحفہ قبول فرمالیں تو آپ کا چہرہ مبارک جلال سے سرخ ہو گیا فرمایا کہ پہلے فریب سے بھی یہ بڑا فریب ہے۔

حقیقت بھی یہی ہے کہ راقم الحروف کو بیعت ہوئے تقریباً ۲۰ سال ہو گئے ہیں اور سرکار مبارک صاحب کو کبھی کسی مرید سے کوئی چیز طلب کرتے نہ دیکھا نہ سنا۔ اگر کوئی چیز کسی مرید سے منگوانی چاہی تو پہلے متعلقہ چیز کی قیمت عطا فرمائی پھر اسے وہ چیز لانے کیلئے فرمایا۔

آپ ایک جملہ اکثر فرمایا کرتے ہیں جو حکمت اور تقویٰ سے لبریز ہے۔

نہ طمع نہ جمع نہ منع

حضرت مبارک صاحب مولانا عبداللہ سیفی کی دوکان پر خوش گوار موڈ میں
مولانا عبداللہ صاحب وہ ہیں جنھوں نے مبارک صاحب کی دس سال خدمت کی

نمائندہ خبریں کے اعتراض پر تفسیر روح المعانی کا حوالہ دیکھاتے ہوئے جبکہ مفتی احمد الدین تو گیروی قریب بیٹھے ہیں

دار العلوم جامعہ جیلانیہ کے کتب خانے میں مسئلہ وجد پر پیر محمد عابد حسین سیفی کو تفسیر کبیر کا حوالہ بتا رہے ہیں

روزنامہ خبریں کے نمائندہ کو انٹرویو دیتے ہوئے

دارالعلوم سیفیہ میں صحیح مسلم شریف کا درس دیتے ہوئے

حاجی دیوان نعمت اللہ سہروردی کے مزار شریف پر (خانقاہ ڈوگراں) حاضری دیتے ہوئے جبکہ آپ کے خلیفہ اعظم روحانی صاحب اور شیخ الحدیث علامہ ابوالفیض محمد عبدالکریم بیٹھے ہیں

خانقاہ سے مدرسہ کی طرف تشریف لاتے ہوئے

پتہ کے آپریشن کے لئے پشاور سے لاہور آمد پر ائیر پورٹ سے باہر تشریف لا رہے
ہیں جبکہ قبلہ روحانی صاحب اور ائیر پورٹ کا عملہ ہمراہ ہے

دریائے کابل کے کنارے محفل ذکر سے فراغت کے بعد اپنے خلیفہ صوفی سیف اللہ کے
ساتھ محو گفتگو ہیں جبکہ بائیں جانب صوفی کندل صاحب اور پیر محمد عابد حسین کھڑے ہیں

1993ء میں دارالعلوم جامعہ جیلانیہ کے جلسہ دستار فضیلت کے لئے لاہور آمد
پر ائر پورٹ پر استقبال کرنے والوں کے جم غفیر ہیں

1990ء میں دارالعلوم جامعہ جیلانیہ کے ہوسٹل کا سنگ بنیاد رکھنے کے بعد دعا کرتے
ہوئے اور صوفی سیف اللہ سیفی سید اعظم شاہ صاحب وغیرہ کھڑے ہیں

سرکار مبارک صاحب درس حدیث کے دوران جبکہ آپ کے ساتھ قاری عبدالوہاب سیفی حافظ عرفان اللہ سیفی ظہور احمد اور دیگر احباب بیٹھے ہیں جب کہ سرکار مبارک کے ساتھ پیر محمد عابد حسین سیفی بیٹھے ہیں

دار العلوم سیفیہ کی نئی بلڈنگ دیکھاتے ہوئے جبکہ آپ کے ساتھ صوفی گلزار احمد سیفی اور دیگر خلفاء میں پیر محمد عابد حسین سیفی

حضرت مبارک صاحب لاہور ائیر پورٹ پر تشریف لاتے ہوئے

درس بخاری شریف دیتے ہوئے ایک اور انداز سے

درس شریف کے دوران کسی عبارت پر غور کرتے ہوئے جبکہ آپ کے
ساتھ پیر محمد عابد حسین سیفی بیٹھے ہیں

بمقام کوٹ سرور عابد حسین سیفی کے آبائی گاؤں میں ایک خصوصی تقریب میں شرکت
کے موقع پر جبکہ سرکار کے ساتھ جہاد افغانستان میں شہید ہونے والے
مجاہد صوفی نجیب اللہ اور صاحبزادہ نور المجتبیٰ چشتی ہیں

حضرت داتا گنج بخش علی ہجویریؒ کے عرس مبارک کی تقریب کی صدارت فرماتے
ہوئے حضرت علامہ محمد مقصود احمد خطیب دربار شریف ساتھ بیٹھے ہیں

دار العلوم سیفیہ میں درس بخاری شریف کے بعد دعا فرماتے ہوئے

عاشق اللہ صاحب، قاری محمد حبیب صاحب پادشاہ صاحب، صاحبزادہ مبارک صاحب
غازی علم دین شہید کے مزار پر حاضری دیتے ہوئے

حضرت مبارک صاحب

حضرت مبارک صاحب دارالعلوم جامعہ جیلانیہ نادر آباد مدرسہ کے صحن میں مسکراتے ہوئے

علمائے کرام کو حدیث جبرائیل دیکھا کر اس پر گفتگو فرما رہے ہیں

خطیبانہ انداز میں

حضرت مبارک صاحب حضرت داتا گنج بخش علی ہجویریؒ کے عرس مبارک کی تقریب کی صدارت فرماتے
ہوئے حضرت علامہ محمد مقصود احمد خطیب دربار شریف اور دیگر خلفاء کے ساتھ تشریف فرما ہیں

آپ کے والد گرامی قبلہ قاری سرفراز قادری صاحب نے دو شادیاں کیں تھیں۔ اس میں ایک آپ کی والدہ تھی جس کے بطن سے آپ اور چار بھائی پیدا ہوئے تھے۔ مگر دوسری والدہ کے ہاں کوئی اولاد نہ تھی۔ جب آپ کے والد قبلہ قادری صاحب نے انتقال فرمایا تو آپ کی دوسری والدہ نے ایک اور نکاح کر لیا اس نکاح کے بعد ان کے بطن سے دو بیٹیاں پیدا ہوئیں۔ جب آپ کے والد قبلہ قادری صاحب کی جائیداد تقسیم کرنے کا وقت آیا تو آپ نے دوسری والدہ کے بارے میں کافی معلومات کروائی مگر پتہ نہ چل سکا۔ اس بارے میں منہ ہم ادگاہ خصوصاً علامہ سعید احمد حیدری و علامہ محمد حمید جان اخند زادہ کو مجاہدین سے پتا چلا کہ پاکستان میں مہاجر افغانی کیمپ میں ان کا انتقال ہو چکا ہے۔ اگرچہ وہ آپ کی حقیقی والدہ نہ تھی مگر والد کے نکاح میں رہنے کی وجہ سے ان کا جائیداد میں حصہ میں حصہ نکلتا تھا۔ لہذا آپ نے ان کی صاحبزادیوں سے رابطہ کیا۔ کیونکہ اپنی ماں کی وراثت کی وہ حقدار تھی۔ ان کو بلا کر اپنے تمام بھائیوں کو جمع فرمایا اور مسئلہ کی تفصیل بیان فرمائی مگر آپ کے بھائیوں نے ان کو حصہ دینے سے انکار کر دیا کہ یہ نہ تو ہماری حقیقی ماں کے بطن سے اور نہ ہی ہمارے والد کی اولاد سے ہیں تو آپ مرشدی اخند زادہ مبارک نے بھائیوں کو ارشاد فرمایا کہ حصہ ان کا نہیں ان کی ماں کا ہے کیونکہ وہ ہمارے والد کے نکاح میں تھی۔ آپ نے اپنے حصہ کی تمام جائیداد کا حساب کر کے جو حصہ ان کی ماں کو آتا تھا وہ ان کے حوالے فرما دیا اور سب احباب کو فرمایا آج حساب دینا آسان ہے مگر قیامت کے دن مشکل ہو گا۔

آپ کے مرید صادق الیقین جن کا اسم گرامی میاں محمد حنفی سیفی ہے ان کا شمار حضرت کے بڑے خلفاء میں ہوتا ہے، وہ جب بھی آپ کبھی بارگاہ عالیہ میں

حاضری دیتے تو باڑہ سے کچھ پھل، سبزی اور گوشت وغیرہ لے جاتے اور بجائے آپ کو پیش کرنے کے سیدھا گھر بھیج دیتے اور آپ سے ذکر نہ کرتے۔ ایک مرتبہ میاں صاحب نے بازار سے بارہ کلو گوشت خریدا اور جاتے ہی حسبِ معمول گھر بھیج دیا۔ اور پھر جب گھر سے کھانا اور گوشت تیار ہو کر آیا تو آپ نے استفسار کروایا کہ گھر میں تو گوشت نہ تھا یہ کہاں سے آیا۔ پتا کروانے پر معلوم ہوا کہ میاں صاحب لے کر آئے ہیں۔ تو فوراً میاں صاحب سے پوچھا کہ میاں صاحب یہ گوشت آپ نے خود ذبح کروایا تھا کہ پہلے سے ذبح شدہ تھا تو میاں صاحب نے عرض کی کہ پہلے سے ذبح شدہ تھا۔ تو آپ نے یہ فرما کر کہ بازار میں اکثر لوگ بے نماز اور طہارت سے عاری ہوتے ہیں اور تکبیر وغیرہ کا خیال بھی نہیں کرتے، گوشت تناول فرمانے سے انکار کر دیا۔

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ محفل ذکر ہو رہی تھی اور آپ مئے فیض سے دیوانوں کو جام بھر بھر کے پلا رہے تھے۔ کہ اسی دوران ایک آدمی حاضر ہوا اور اس نے پرفیوم آپ کے کپڑوں پر چھڑک دیا۔ تو آپ نے اس سے وہ پرفیوم لے کر اُسے احباب سے چیک کروایا کہ ماچس سے اسے آگ لگائی جائے۔ اگر آگ لگ گئی تو پھر اس میں الکوحل ہے ورنہ وہ صحیح خوشبو ہے۔ کسی اور ساتھی نے عرض کی کہ آگ تو اور خوشبوؤں کو بھی لگ جاتی ہے۔ الکوحل اور خوشبو میں فرق یہ ہے کہ الکوحل کو آگ بھڑک کر لگتی ہے اور عام خوشبو اور تیل کسی چیز کے ساتھ مل کر لگتی ہے۔ لہذا چیک کیا گیا تو آگ بھڑک اٹھی۔ آپ فوراً گھر تشریف لے گئے کپڑوں کو تبدیل فرمایا اور احباب کو پرفیوم لگانے سے منع فرمایا کیونکہ وہ نجس ہے اور نجاست سے نماز ہی نہیں ہوتی۔

ایک مرتبہ ایک مرید نے آپ کو ایک موزوں کا جوڑا بطور نذرانہ پیش کیا۔

آپ نے جب ان کا رنگ دیکھا تو فرمایا بھئی اس کا رنگ عورتوں سے ملتا جلتا ہے۔ اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے عورتوں کی مشابہت اختیار کرنے سے منع فرمایا ہے۔ لہذا میں یہ نہ لوں گا۔

آپ کا ایک مرید آپ کے لیے ایک کمبل لایا اور آپ کی خدمت میں پیش کر دیا۔ آپ نے اسے قبول فرمایا چونکہ لفافے میں بند تھا۔ لہذا اسی طرح گھر بھجوا دیا۔ جب نماز کا وقت قریب آیا تو آپ وضو فرمانے گھر تشریف لے گئے۔ فوراً واپس تشریف لائے تو ہاتھ میں وہی کمبل تھا۔ آپ نے اس کو لانے والے سے فرمایا کہ کیا تم نے اسے دیکھا نہیں کہ اس پر شیر کی تصویر بنی ہوئی ہے۔ اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس شخص کے گھر میں کتا اور جاندار کی تصویر ہوگی۔ اس گھر میں اللہ کی رحمت کے فرشتے داخل نہیں ہوتے۔ آپ نے یہ فرما کر کمبل اسے واپس کر دیا اور آئندہ تصویر والی چیز خریدنے سے منع فرمایا۔

مسلمان کو کافر کہنے والا خود کافر ہو جاتا ہے

کیا فرماتے ہیں علماء دین و مفتیان شرع متین کہ اگر کوئی شخص کسی مسلمان کو کافر یا واجب القتل کہتا ہے اور اس کی کوئی کفر کی وجہ بھی نہ ہو مثلاً پیر محمد چشتی چترالی نے حضرت پیر طریقت اخند زادہ سیف الرحمٰن مدظلہ العالی کو کافر کہا، اور کچھ ایسے مولوی بھی ہیں جنہوں نے اس کی تائید کی تو اس کے بارے میں کیا حکم ہے؟ اس کا حکم دلائل سے ثابت کر کے عنداللہ ماجور فرمائیں۔

بینو و توجروا

السائل ظہور احمد علوی ضلع راولپنڈی تحصیل مری ڈاکخانہ گلہبڑہ گلی

بمقام پھاواں

الجواب اللھم اجعل موافقا للصواب والحق

مسئلہ مذکورہ مسئولہ کے متعلق قرآن پاک میں ہے۔

یٰاَیُّھَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡۤا اِذَا ضَرَبۡتُمۡ فِیۡ سَبِیۡلِ اللّٰہِ فَتَبَیَّنُوۡا وَلَا تَقُوۡلُوۡا لِمَنۡ اَلۡقٰۤی اِلَیۡکُمُ السَّلٰمَ لَسۡتَ مُؤۡمِنًا ۚ تَبۡتَغُوۡنَ عَرَضَ الۡحَیٰوۃِ الدُّنۡیَا ۫ فَعِنۡدَ اللّٰہِ مَغَانِمُ کَثِیۡرَۃٌ ؕ کَذٰلِکَ کُنۡتُمۡ مِّنۡ قَبۡلُ فَمَنَّ اللّٰہُ عَلَیۡکُمۡ فَتَبَیَّنُوۡا ؕ اِنَّ اللّٰہَ کَانَ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ خَبِیۡرًا ﴿۹۴﴾ (سورۃ النساء پارہ ۵ آیت ۹۴)

ترجمہ: اے ایمان والو! جب تم اللہ کی راہ میں سفر کرو تو ہر کام کو تحقیق کر کے کیا کرو۔ اور ایسے شخص کو جو کہ تمہارے سامنے ایمان ظاہر کرے دنیاوی زندگی کے سامان کی خاطر یوں مت کہہ دیا کرو کہ تو مسلمان نہیں۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ کے بہت مال غنیمت ہے۔ پہلے تم بھی ایسے ہی تھے۔ پھر اللہ تعالیٰ نے تم پر احسان کیا پس غور کرو۔ بے شک اللہ تعالیٰ تمہارے اعمال کی پوری خبر رکھتا ہے۔ (یعنی جب تم اول مسلمان ہوتے تھے اگر تمہیں یہی کہہ دیا جاتا کہ تم مسلمان نہیں ہو تو تم کیا کرتے۔

علامہ محمود آلوسی علیہ الرحمۃ اس کی تفسیر کرتے ہوئے رقمطراز ہیں:۔

امام احمد نے اس حدیث کو تخریج کیا۔ امام ترمذی نے اسے حسن کہا اور ابن حمید نے اسے صحیح کہا۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ بنی سلیم کا ایک شخص صحابہ کرام کی جماعت کے پاس سے گزرا جس کے پاس بکریاں تھیں۔ اس نے جماعت صحابہ کو سلام کیا، انہوں نے سمجھا اس شخص نے ڈر کے مارے ہمیں سلام کیا تاکہ میں قتل سے بچ سکوں، انہوں نے اس شخص کو قتل کر دیا اور وہ بکریاں مالِ غنیمت میں شامل کر کے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور پیش کیا۔ تو اس وقت یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

نیز ابن جریر نے سدی سے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت اسامہ کی سرکردگی میں ایک جماعت جہاد کے لیے بھیجی اور جب بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم حضرت اسامہ کو روانہ کرتے تھے تو واپسی پر ان کے متعلق ان کے ساتھیوں سے ان کی تعریف سننا پسند فرماتے تھے۔ لیکن اس دفعہ دریافت نہ کیا بلکہ آپ کے ساتھی از خود بیان کرنے لگے تو دوران گفتگو کہا کہ یارسول اللہ

صلی اللہ علیہ وسلم ایک شخص اسامہ کو ملا تو اس نے لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ پڑھا پھر بھی اسامہ نے اُسے قتل کر دیا تو حضور علیہ السلام نے حضرت اسامہ کی طرف رُخِ انور کرتے ہوئے فرمایا ایسا کیوں کیا۔ تو حضرت اسامہ نے عرض کیا اس نے قتل سے بچنے کے لیے پڑھا۔ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کیا تو نے اس کا دل چیر کر دیکھا تھا کہ ڈر اور قتل سے بچنے کے لیے کہا تھا۔ (روح المعانی ص ۱۱۹ ج ۴ مطبوعہ جدید از ملتان)

تو اس آیت و حدیث سے معلوم ہوا کہ جو شخص اپنا اسلام ظاہر کر رہا ہے تو جب تک اس کے کفر کی پوری تحقیق نہ ہو جائے اس کو کافر کہنا ناجائز اور وبال عظیم ہے۔

فوائد موضح القرآن حاشیہ مولانا شاہ عبدالقادر دہلوی اس آیت مقدسہ کے ضمن میں تحریر فرماتے ہیں کہ ابن عباس نے فرمایا کہ مسلمان اگر قصد کر کے مسلمان کو مار ڈالے وہ دوزخی ہو چکا اس کی توبہ قبول نہیں۔ باقی اور علماء نے کہا کہ سزا اس کی یہی ہے یہاں جو مذکور ہوئی۔ آگے اللہ مالک ہے۔ لیکن اگر قصاص میں مارا گیا تو سب کے قول میں پاک ہوا۔

اس بارے میں مومن مسلمان کو واجب القتل کہنا یا قتل کرنا کہ یہ کافر ہے۔ ایک برابر ہے۔ مومن مسلمان کو قتل کے فتوے دینے والا یا واجب القتل کہنے والا بلاشک کافر ہوا۔ اور اسلام سے خارج ہو گیا۔

چونکہ جامعہ حقانیہ اکوڑہ خٹک کے شیخ الحدیث اور علماء دارالعلوم حقانیہ کی مسلّم شخصیت مفتی محمد فرید کا نام پیر محمد چترالی اور عثمان تارو جبہ والے نے جعل سازی سے استعمال کیا تھا جس کی وضاحت انہوں نے اپنی تحریر میں کر دی۔

مفتی غلام فرید شیخ الحدیث و مفتی جامعہ حقانیہ اکوڑہ خٹک تحریر کرتے ہوئے

کہا ہے۔

الحمد اللہ علیٰ عبادہ الذین اصطفیٰ اما بعد :۔

"پس نہ میں نے اخند زادہ سیف الرحمٰن کو واجب القتل کہا ہے اور نہ وہ واجب القتل ہے۔ کسی کو اجازت نہیں کہ میری طرف یہ نسبت کرے۔"

اسی طرح ان کے فتویٰ میں جن علماء یا مفتیان حضرات کے نام لکھے گئے تھے۔ ان میں اکثریت نے انکار کیا ہے۔ ان سب نے کہا کہ ہمارے نزدیک اخند زادہ سیف الرحمٰن مسلم شخصیت ہیں۔ اور ان کے بارے میں واجب القتل یا کافر کہنا تو درکنار ہم معمولی بے ادبی کا تصور بھی نہیں کر سکتے۔ ان میں چند مولوی و مفتی ایسے ہیں کہ جن کا کردار پورا صوبہ سرحد کا بچہ بچہ جانتا ہے جن کا نہ کوئی دین ہے نہ ایمان ہے نہ ہی مذہب ہے۔ ان کا مقصود صرف دین بیچ کر پیسہ بٹورنا ہے اور اہل ایمان اور اہل اسلام کو کافر بنانا ہے۔

حضرت علامہ محمد یوسف نے کتاب اظہار حقیقت لکھ کر اس چیز کو واضح کر دیا ہے کہ اس دور کے علماء حق کے نزدیک حضرت مولانا اخند زادہ سیف الرحمٰن کا کیا علمی اور عملی مقام ہے۔ اس میں تقریباً پاکستان اور افغانستان کے اکابر علماء و مفتیانِ کرام نے اپنی رائے کا اظہار کیا ہے۔ کتاب آستانہ عالیہ منڈی کس سے ہمہ وقت حاصل کی جا سکتی ہے۔

اگرچہ اس موضوع پر کثیر دلائل ہیں لیکن یہاں پر صرف طوالت کے اندیشے سے نقل نہیں کیا گیا اور اہل حق کے لیے قرآنِ کریم کی آیت مقدسہ و احادیث مبارکہ اور چند فقہا کے اقوال ہی کافی ہونگے۔

مزید ارشاد ہے :۔

ومن یکفر بالایمان فقد حبط عملہ

اور جو شخص ایمان سے انکار کرے اس کے عمل ضائع ہو گئے۔

مقصد یہ ہے کہ جس شخص کے عقائد میں کوئی چیز کفر کی نہیں خواہ اعمال اس کے کتنے ہی خراب ہوں اس کو کافر کہنا جائز نہیں۔ بلکہ ایسے شخص کو کافر کہنے والے کا ایمان خطرے میں پڑ جاتا ہے۔ اس سے معلوم یہ ہوتا ہے کہ گویا کہ وہ ایمان کو کفر کہہ رہا ہے چہ جائیکہ ایسی پاک باز اور باعمل شخصیت کو کہا جائے جس کے تقویٰ اور طہارت پر علماء اور عوام کی کثیر تعداد گواہی دے اور اس کی ولایت اور کمالات کی بھی تصدیق کرے۔ جن علماء کے تاثرات مولانا یوسف صاحب نے تحریر کیے ہیں ان میں اکثریت حضرت اخندزادہ صاحب کے شاگردوں اور مریدوں کی نہیں۔

فی زمانہ حضرت اخندزادہ صاحب کی شخصیت کی جن علماء نے تائید کی ہے ان کی تعداد دس ہزار سے تجاوز کر گئی ہے۔ جس کا ریکارڈ فقیر کے پاس موجود ہے۔ ان علماء نے صرف آپ کی شخصیت، عقیدے کی تائید نہیں کی بلکہ آپ کو ولی کامل و مکمل اور اکثر نے آپ کو اس پندرھویں صدی کا مجدد تسلیم کیا ہے۔

حضرت اخندزادہ مبارک کی شخصیت پر طعن صرف ایک عام مسلمان پر طعن نہیں بلکہ ایک کامل و مکمل ولی جامع علم ظاہر و باطن عالم باعمل مجدد وقت پر طعن ہے۔ جن کی ولایت پندرھویں صدی میں مسلم اور ہر خاص و عام کا مرجع جن کو بلا اتفاق مشائخ عظام شیخ المشائخ تسلیم کرتے ہیں۔ لہٰذا ایسے کامل و مکمل ولی کے انکار کے بارے میں علامہ عبدالغنی نابلسی اندلسی کی عبارت پیش خدمت ہے۔

ایک ولی اللہ کا انکار کرنا اجماعاً کفر ہے۔

حدیقۃ الندیہ میں علامہ عبدالغنی فرماتے ہیں کہ ایک ولی اللہ کا انکار کرنا اور دیگر تمام اولیاء کرام پر اعتقاد رکھنا کفر ہے۔ جیسا کہ تمام انبیاء پر ایمان لانا

اور ایک نبی سے انکار کرنا کفر ہے۔

والحاصل ان الانکار بالقلب او باللسان علی احد من اولیاء اللہ الذین ھم العلماء العاملون وسواء کانوا احیاء او کانوا موتی۔ وکلھم احیاء عند من یعرفھم بحیاۃ اللہ لا بانفسھم وکلھم موتی عن حیاتھم بانفسھم سواء عرفھم من ینکر علیھم او لم یعرفھم وانکر ما لم یعرف من احوالھم الصحیحۃ وافعالھم المستقیمۃ عند اللہ فھو کفر صریح والمنکر کافر بالاجماع المسلمین علی مقتضی جمیع مذاھب اھل الاسلام لانہ انکر دین الاسلام والشریعۃ المحمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم۔

(حدیقۃ الندیہ صفحہ ۲۴۱ ج ۱)

خلاصہ یہ ہے کہ کسی ایک ولی اللہ سے دل سے یا زبان سے انکار کرنا کہ وہ ولی اللہ علماء عاملین میں سے ہو، اور خواہ وہ ولی اللہ زندہ ہو یا وفات پا چکا ہو، اور تمام اولیاء اللہ تعالیٰ کی حیات سے زندہ ہیں، ان کے نزدیک جو ان کے احوال سے واقف ہیں اور نفس کے اعتبار سے زندہ نہیں ہیں، خواہ منکرین اس ولی اللہ کے احوال صحیحہ اور افعال مستقیمہ عند اللہ سے واقف ہوں یا نہ ہوں پس یہی انکار اولیاء کفر صریح ہے اور منکر اولیاء مسلمانوں کے اجماع سے اور تمام مذاہب اہل اسلام کی رو سے کافر ہے۔

کیونکہ اس منکر نے دین اسلام اور شریعت محمدی صلی اللہ علیہ وسلم سے انکار کیا (کیونکہ ولی اللہ تو شریعت محمدی صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع کی وجہ سے ولایت سے بہرہ ور ہوتا ہے۔

تکفیر مسلم خود کفر ہے چنانچہ صحیح حدیث میں ہے۔

عن ابی سعید الخدری قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما کفر رجل رجلا الا باء باحدھما بہ ان کان والا کفر بتکفیرہ و فی روایۃ فقد وجب الکفر علی احدھما۔

(ترغیب و ترہیب)

ترجمہ: حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کسی کی تکفیر کرنے سے دونوں میں سے ایک کافر ضرور ہو جاتا ہے۔ کیونکہ اگر وہ شخص فی الواقع میں کافر تھا تب تو وہی کافر ہوا۔ ورنہ تکفیر کرنے والا اس کی تکفیر سے خود کافر ہو گیا۔
اور ایک روایت میں ہے کہ ان دونوں میں سے ایک کا کفر واجب ہو گیا۔

امام ابو شکور سالمی فرماتے ہیں:۔

من شک فی ایمان الغیر وقال لہ یا کافر فانہ ینظر ان کان فیہ شبھۃ الکفر فان الشاتم بالکفر لا یصیر کافراً وان لم تکن فیہ شبھۃ الکفر فانہ یکفر بیانہ ان المشکوک فیہ ان کان عریفا او عشاراً او عواناً فان الشاتم لہ بالکفر و شاک فی ایمانہ لا یصیر کافراً وان کان فاسقاً مولعاً مصراً علی فسقہ جاھلاً عن علوم الدین ان کان یقول لہ یا کافر فان القائل یصیر کافراً۔

(التمہید ابو شکور سالمی ص۱۱۱)

ترجمہ: جس نے دوسرے کے ایمان میں شک کیا یا اسے کافر کہا تو دیکھا جائے گا کہ اگر اس میں کفر کا کوئی شبہ پایا جاتا ہے تو اس شبہ کی بنا پر

کافر کہنے سے کافر نہیں ہوگا۔ اور اگر اس میں کفر کا شبہ نہ ہو تو اس کو کافر کہنے سے تکفیر کرنے والا خود کافر ہو جائے گا۔ اس کی وضاحت یوں ہے کہ مشکوک کرنیوالا اگر نقیب. عشر وصول کرنے والا یا ظالم ہے تو اسے کافر کہنے سے کافر نہیں اور اگر وہ فاسق اپنے فسق پر اصرار کرنے والا علوم دین سے ناواقف ہے ایسے شخص کو کافر کہنے سے قائل خود کافر ہے۔

چہ جائیکہ ایک معتبر عالم دین متبع سنت رسول صلی اللہ علیہ وسلم علم وعرفان کے موتی بکھیرنے والے رشد وہدایت کا مرکز اور راسخ العقیدہ سنی شخص یعنی مجدد طریقت ومعرفت حضرت سیدنا ومرشدنا حضرت اخندزادہ سیف الرحمٰن صاحب پیرارچی خراسانی کو کافر کہنے سے تو بطریق اولیٰ کہنے والا خود کافر ہو جاتا ہے۔

عبارات فقہاء ملاحظہ ہوں۔

شرح وقایہ کے حاشیہ میں علامہ عبدالحی لکھنوی علیہ الرحمۃ۔

۱۔ وھل یکفر باطلاق الکفر علی المسلم المختار انہ ان اراد اشتم لا یکفرون اعتقد دنیہ کفر اکفر لان اعتقاد دین الاسلام کفر اکفر کذا فی الذخیرۃ۔ (شرح وقایہ ص ۳۰۹ کتاب الحدود حاشیہ نمبر)

ترجمہ: کیا کسی مسلمان کو کافر کہنے سے کفر لازم آتا ہے تو اس میں مختار مذہب یہ ہے کہ کہنے والے نے اگر گالی دینے کے ارادہ سے کہا ہے تو کہنے والا کافر نہیں ہوگا۔ اور اگر اس عقیدے اور نیت سے کہا کہ وہ کافرانہ دین پر قائم ہے تو کہنے والا کافر ہو جائے گا۔ کیونکہ دین اسلام کو کفر سمجھنا کفر ہے۔ جیساکہ ذخیرہ میں ہے۔

۲۔ واذا قال لغیرہ یا کافر وللمرء یا کافرۃ ولم یقل المخاطب شیئاً"

فالفقیہ ابوبکر الاطش البلخی علی انہ کافراً وقال الفقیہ ابو اللیث وبعض ائمۃ بلخ لایکفر والمختار فی مثل ھذا المسائل انہ اذا ارادہ شتم ولا یعتقدہ کافراً لایکفر وان اعتقدہ کافراً مخاطبہ علی اعتقادہ انہ کافر کفر لانہ فقد اعتقد دین الاسلام کفراً فھوکافر

(فتاویٰ بزازیہ علی ھامش الفتاویٰ الھندیہ ج ۶ ص ۳۳۱)

ترجمہ: اور جب کسی دوسرے مسلمان کو کافر اور عورت کو کافرہ کہتا ہے۔ مخاطب نے جواب میں کچھ نہیں کہا بلکہ خاموش رہا تو فقیہ ابوبکر اطش بلخی کے نزدیک وہ کافر ہے اور فقیہ ابو اللیث اور بلخ کے بعض ائمہ کے نزدیک کافر نہیں ہوتا اور ایسے مسائل میں مختار مذہب یہ ہے کہ اگر گالی دینے کے ارادے سے کافر کہا اور مخاطب کے متعلق عقیدہ کو کفر نہیں سمجھتا ہے تو پھر کافر نہیں ہوگا اور اس کے متعلق یہ سمجھتا ہے کہ وہ عقیدہ کفر پر قائم ہے تو پھر کافر ہو جائیگا۔ کیونکہ مسلمان کو کافر سمجھنا دراصل دین اسلام کو کفر سمجھنے کے مترادف ہے۔ پس کہنے والا کافر ہو جائیگا۔

۳۔ فان من کفر مسلماً فقد کفر فی الاشر۔ (فتاویٰ خیریہ ج ۲ ص ۲۸۴ علی ھامش عقود الاریہ فی تنقیح الحامدیہ)

ترجمہ: جو کسی مسلمان کو کافر کہتا ہے تو وہ کافر ہو جائیگا۔

۴۔ ان اعتقدہ (المسلم) کافراً نعم فخاطبہ ھذا بنار انہ کافر یکفر لانہ لما اعتقدہ المسلم کافراً فقد اعتقد دین الاسلام کفراً اھ۔

(منقول عن الذخیرہ، فتاویٰ شامی ج ۳ ص ۱۸۳)

ترجمہ: اگر مسلمان کو کافر عقیدۃً سمجھتا ہے تو وہ تکفیر مسلم سے کافر ہو گیا۔ کیونکہ اس صورت میں دین اسلام کو کفر سمجھنا لازم آتا ہے جو کہ کفر ہے۔

۵۔ علامہ ابن عابدین شامی فرماتے ہیں۔

اذا اطلق الرجل کلمة الکفر لکنه لم یعتقد الکفر قال بعض اصحابنا لا یکفر لان الکفر یتعلق بالضمیر ولم یعتقد الضمیر علی الکفر و قال بعضهم یکفر وهو الصحیح عندی لانه استخف بدینه. (رد المحتار ج ۴ ص ۲۲۴ مطبوعہ جدید) ومن تکلم عامداً عالماً کفر عند الکل ومن تکلم بها اختیاراً جاهلاً بانها کفر ففیه اختلاف۔

ترجمہ: جب آدمی نے کلمہ کفر کہا لیکن کفر پر اس کا عقیدہ نہیں ہے تو بعض اصحاب نے کہا کافر نہیں ہوگا۔ کیونکہ کفر کا تعلق دل سے ہے اور اس کے دل میں کفری عقائد نہیں ہیں۔ اور بعض نے کہا کہ کافر ہو جائیگا اور میرے نزدیک صحیح ہے۔ کیونکہ اس نے دین اسلام کو حقیر سمجھا ہے۔ اور جس نے قصداً جانتے ہوئے کلمہ کفر بولا تو تمام ائمہ کے نزدیک کفر ہے۔ اور جس نے ارادۃً کہا اور یہ نہیں جانتا کہ یہ کلمہ کفر ہے۔ تو اس میں اختلاف ہے۔

۷۔ علماء دیوبند کی مسلمہ بزرگ شخصیت علامہ سید انور شاہ کشمیری علامہ ابن ہمام کی کتاب مسایرہ ص ۲۱۴ کے حوالہ سے رقمطراز ہیں۔

قلت وفی المسایرہ ان اباحنیفة رحمة الله علیه قال لجهم اخرج عنی یا کافر وفی الرسالة التسعنیة للحافظ ابن تیمیه باسناد عن محمد قال: قال ابوحنیفه رحمته الله عمرو بن عبید ثم حمل فی المسایرة قول لجهم علی التاویل وهذا غیر ظاهر کیف وقد ورد الوعید الشدید فی اکفار المسلم فحاشا جناب الاسلام رحمة الله علیه عن ذالك لو لم یکن عنده کافراً۔

ترجمہ: میں کہتا ہوں مسایرہ میں ہے۔ سیدنا امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے جہم سے

کہا میرے پاس سے کھل جائے کافر. اور رسالہ تسعینیہ میں جو کہ حافظ ابن تیمیہ کی تالیف کی ہے۔ امام محمد سے اسناد کے ساتھ روایت کیا ہے کہ امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے کہا اللہ تعالیٰ عمرو بن عبید پر لعنت کرے تو ابن ہمام نے مسامرہ میں جس سے جو کچھ امام صاحب نے فرمایا وہ تاویل پر مبنی ہے اور یہ غیر ظاہر ہے کیسے ہو سکتا ہے کہ مسلمان کی تکفیر میں بہت سخت وعید وارد ہوئی ہے تو جو کافر نہیں (انکے نزدیک) اسے آپ کافر کہہ سکتے ہیں۔
(اکفار الملحدین ص۴۰)

جن مفتیان یا مولویوں نے پیر طریقت اخندزادہ سیف الرحمٰن صاحب نقشبندی مجددی کے خلاف کفر یا فتویٰ دیا ہے یا مولوی چترالی کی اس مسئلہ میں تائید کی ہے۔ اس صورت میں ان تمام پر کفر لازم آتا ہے۔ کیونکہ کسی مومن مسلمان متبع شریعت مطہرہ کو بغیر شرعی وجہ کے کافر کہہ دینا خود کو کافر بنانا ہے۔ جیسا کہ مذکورہ عبارات سے روز روشن کی طرح ہم نے عیاں کر دیا ہے۔ اس باطل فتویٰ کی اہل اسلام اور اہل ایمان کے نزدیک قرآن و سنت کی روشنی میں کوئی وقعت نہیں لہذا اہل باطل کا فتویٰ باطل ہے۔ جس طرح اہل سنت و جماعت کے نزدیک یہ لوگ باطل سیرت ہیں۔ ایسے ہی ان کا فتویٰ بھی بطلان پر مبنی ہے۔ اس بنا پر اگر کسی میں ایمان کی رتی تھی تو حضرت کے خلاف فتویٰ دے کر اسے بھی ضائع کر دیا۔

پیرِ طریقت مجددِ عصر حاضر قبلہ اخندزادہ سیف الرحمٰن المعروف
پیر ارچی خراسانی پر

تاثرات علماء ومشائخ اہلسنت وجماعت

ترتیب

صاحبزادہ حافظ عرفان اللہ شاہ حنفی سیفی

ناشر

دار العلوم جامعہ جیلانیہ رضویہ نادر آباد بیدیاں روڈ
لاہور کینٹ فون ۵۷۲۱۶۰۹

تائید کنندگان

استاذ العلماء شیخ الحدیث علامہ مفتی صاحبزادہ
محمد نور المجتبیٰ صاحب صدر مدرس دار العلوم
دار الاسلام خانقاہ ڈوگراں

الجواب صحیح والمجیب مصیبؒ

حضرت قبلہ اخوندزادہ مبارک دامت برکاتہم عالیہ اپنی تقریر و تحریر اور تعلیمات کی رو سے اکابر اسلام اور اسلاف کے صحیح معنوں میں وارث ہیں۔ آپکی تعلیمات اور آپ کے نظریات میں کوئی چیز نہیں جو اہل سنت کے عقائد و نظریات کے منافی ہو۔ بلکہ حضرت صحیح معنوں میں اکابر و اسلاف دین و ملت کے امین اور وارث ہیں۔ معاندین و مخالفین کچھ ناپاک عزائم حاصل کرنے کی خاطر مسلمانوں میں انتشار و افتراق کی فضا قائم کرنا چاہتے ہیں۔ مگر اہل اسلام نے حق کی ہمیشہ حفاظت کی ہے۔ اب بھی ان کے دام فریب میں نہیں آئیں گے۔ حضرت اور ان کے تبعین حق پر ہیں۔ اللہ تعالیٰ انہیں جہلا کے شر سے محفوظ فرمائے۔

آمین ثم آمین

۹۰-۸-۸

استاذ العلماء شیخ القرآن جامع معقول و منقول مفتی علامہ
محمد مقصود احمد چشتی مدظلہ العالی
خطیب جامع مسجد داتا گنج بخش لاہور

نحمدہٗ و نصلی علی رسولہ الکریم اما بعد فقد قال اللہ تعالیٰ

انما یخشی اللہ من عبادہ العلماء

ان افراد کو میں ذاتی طور پر جانتا ہوں میں نے اس سے اندازہ لگا لیا کہ حضرت صاحب واقعی ایک روحانی شخصیت ہیں جن کی صرف ایک نگاہ سے ایسے بدقماش لوگوں کی سیرت سیئہ حسنہ میں تبدیل ہو گئی حالانکہ ایسے لوگوں کو اس وقت صحبت میسر نہیں آئی تھی۔ کسی نے کیا خوب کہا کہ۔

نگاہ ولی میں وہ تاثیر دیکھی
بدلتی ہزاروں کی تقدیر دیکھی

آج کل بعض حضرات اپنی کم علمی یا تعصب کی بنا پر ان کی مخالفت کر رہے ہیں۔ جو کہ سراسر انصاف کے منافی ہے۔ میں ان سے گزارش کروں گا کہ مخالفت ترک کر کے ایسے نیک لوگوں کی دعاؤں کو حاصل کرنے میں بھرپور کوشش کریں۔

وصلی اللہ علی حبیبہ سیدنا محمد وآلہ واصحابہ اجمعین

محمد مقصود احمد
خطیب جامع مسجد داتا دربار
لاہور۔ پاکستان
30/6/94

علامہ محمد مقصود احمد
خطیب جامع مسجد
داتا دربار لاہور

حضرت علامہ استاذ العلماء شیخ الحدیث والتفسیر مفتی ابوالفیض محمد عبدالکریم صاحب خانقاہ ڈوگراں ضلع شیخوپورہ

ناچیز حضرت اخندزادہ پیر سیف الرحمٰن صاحب مدظلہ العالی کے ساتھ چند ملاقاتوں میں حاصل شدہ معلومات کی روشنی میں حضرت علامہ مولانا مقصود احمد صاحب مدظلہ العالی کی مذکورہ تحریر کے ساتھ لفظ بلفظ متفق ہوں اور اس کی تصدیق وتائید کرتا ہوں۔ واللہ الموفق

استاذ العلماء حضرت علامہ ڈاکٹر سرفراز نعیمی

ناظم اعلیٰ جامعہ نعیمیہ گڑھی شاہو لاہور

آپ کے بارے میں جو الزامات عائد کیے گئے ہیں وہ مبنی برحقائق نہیں ہیں اور جن کی تردید حضرت قبلہ پیر صاحب مدظلہ العالی اپنے طبع شدہ انٹرویو میں کرچکے ہیں۔ روزنامہ خبریں اسلام آباد ۱۹ رجون ۱۹۹۶ء میں شائع ہوا ہے۔

حضرت علامہ صاحبزادہ غلام مرتضیٰ شازی

مہتمم جامعہ رضویہ ضیاء القرآن شیخوپورہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم الحمد للہ والصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ اما بعد ؛

مخدوم السالکین حضرت اخند زادہ سیف الرحمٰن پیرارچی خراسانی مدظلہ العالی وہ نابغہ عصر شخصیت ہیں جنہیں دیکھ کر اسلاف کا دور یاد آجاتا ہے موصوف سالکین کے سرخیل ہیں، پیر صاحب سے میری کافی نشستیں رہیں، ہر مجلس میں محبت الٰہی ذکر الٰہی کے جلوے بکھرتے جنہیں متلاشیان سمیٹ لیتے۔ قبلہ والد گرامی سے ایک علمی نشست کے دوران میں بھی حاضر تھا کہ علم کی برکھا برس گئی جو تھمنے کا نام نہیں لے رہی۔ اطمینان قلب کی وہ دولت جو حکمت فلسفہ و کلام کی کتابوں کے انبارسے تلاش بسیار کے باوجود نہیں ملتی وہ جو قبلہ والد گرامی اور پیر صاحب کی چند لمحات کی صحبت میں حاصل ہو گئی۔

حضرت علامہ مولانا دوست محمد نقشبندی

مہتمم جامعہ محمدیہ فیض القرآن لاہور

نحمدہ ونصلی علی حبیبہ الکریم اما بعد پیر طریقت رہبر شریعت اخند زادہ پیر سیف الرحمٰن مدظلہ العالی کی زیارت ہوئی تو سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فرمان کے مطابق

اللہ تعالیٰ کا وہ بندہ جس کو دیکھ کر اللہ یاد آجاتا ہے۔ یہ فرمان مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم آپ پر صادق آتا ہے۔ ماشاء اللہ آپ کا چلنا پھرنا اٹھنا بیٹھنا کھانا پینا، عین سنّت مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے مطابق ہے۔ اللہ تعالیٰ صحیح ولیوں اور بزرگوں کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔

حضرت مولانا محمد منوّر چشتی صابری رائے ونڈ ضلع لاہور

ناچیز کو صاحب المجد والجاہ عاشق خیر الوریٰ حامی سنّت مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم صوفی باصفا فاضل جلیل عالم نبیل استاذ العلماء والفضلاء محسن اہل سنّت حضرت مولانا پیر اخند زادہ سیف الرحمٰن دامت برکاتہم العالیہ کا شرف دیدار نصیب ہوا اور چند لمحات ملاقات کے لیے میسّر آئے۔ ایک ہی نظر نے دل کے تار تار میں ارتعاش پیدا کر دیا۔ خدا یاد آگیا۔ مصطفےٰ محبوبِ خدا یاد آگئے اور یہ دنیوی زندگی ایک قید خانہ نظر آنے لگی۔ دل پکار اٹھا کہ یہی لوگ زندہ ہیں اور یہی لوگ جنّت کے وارث ہیں۔ یہی لوگ متقی اور مومن ہیں۔ ایک نظر سے ایسی مے پلاتے ہیں کہ ذرے آفتاب بن جاتے ہیں۔ گدڑیے راہنما بن جاتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے حضور دست بدعا ہوں کہ ہم لوگوں کو قیامت کے دن بھی ان کا ساتھ نصیب ہو۔ آمین۔

استاذ العلماء شیخ الحدیث حضرت مفتی غلام فرید صاحب رضوی سعیدی ہزاروی ثم السیفی گوجرانوالہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حضرت پیر طریقت رہبر شریعت واقف رموز حقیقت مجدد العصر قیوم زماں حجۃ الخلف بقیۃ السلف مجمع البحرین جامع المنقول اس دور میں علم وعمل شریعت و طریقت میں اپنی مثال آپ ہیں۔ انہی جیسی ہستیوں کے بارے وارد ہے کہ اولئک ھم القوم لا یشقی جلیسھم اور من عادلی ولیا فقد اذنتہ بالحرب فرمان عالی شان کے مورد بھی یہی ہے۔ آج کے دور میں ان جیسا نہ عالم با عمل ملتا ہے اور نہ ان جیسا مرشد کامل ومکمل میسر آسکتا ہے۔ مگر اہل حق کے خلاف ہر دور میں دشمنوں، حاسدوں، کینہ پروروں نے مخالفانہ پروپیگنڈہ کیا ہے۔ ہدایۃ السالکین میں کوئی ایسی بات نہیں ہے جس کو کفر یا فسق یا ضلالت کہا جا سکے۔ خدا تعالیٰ ان معاندین و حاسدین کو ہدایت عطا فرمائے اور حق گوئی کی توفیق عطا فرمائے اور آپ کے کلام کو سمجھنے کی توفیق عطا فرمائے تاکہ لوگ گمراہی سے بچ سکیں۔ الخ

استاذ العلماء علامہ محمد شریف ہزاروی صاحب گوجرانوالہ

امابعد زبدۃ العارفین قدوۃ الصالحین فردوس الراسخین بقیۃ السلف حجۃ الخلف پیر طریقت رہبر شریعت حامیٔ سنت ماحیٔ بدعت مولانا سیف الرحمن نقشبندی مجددی سے ملاقات وشرف زیارت تو ابھی تک نصیب نہیں مگر آپکی خدا داد

تخصیت کی شہرت علمی وعملی فیضان کہ ہر جا رسیدہ است کے مطابق بندہ بھی کچھ متعارف ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ آپ اس سلسلہ کے شیخ الکل فی الکل ہیں۔ آپ کی بعض عبارات پر بعض کو اعتراضات ہیں جو کہ بے محل اور بغض وعناد و تعصب فی سلسلۂ العربیہ پر مبنی ہیں۔ حضرت گرامی علم ظاہری و باطنی میں مرج البحرین یلتقیان کا مصداق ہیں۔ زمانہ قریب کی عدیم المثل ہیں۔

شیخ الحدیث علامہ مفتی غلام رسول رضوی صاحب فیصل آباد

میں نے سنی علماء کے تاثرات مشاہدہ کیے ہیں۔ ان کی نفس الامریت قابل تحسین ہے۔ اگر آپ کے ذریعہ عوام کی اصلاح ہو جائے تو یہی مخ تبلیغ ہے وکان سعیکم مشکورا۔

استاد العلماء حضرت علامہ صاحبزادہ مفتی محمد بشیر الدین سیالوی گجرات

حضرت پیر صاحب علم وآگہی کی جن بلندیوں پر خیمہ زن ہیں وہاں ہر ایک کا پہنچنا ناممکن ومحال ہے۔ روحانی کشش اور جاذبیت ہے۔ غضب کی مستی ہے اور مست وبیخود کرنے کی صلاحیت ہے۔ مختصر بندہ کو مولیٰ تک پہنچانے کی سعی بلیغ فرماتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کے فیض کو عام فرمائے۔

فاضل جلیل حضرت علامہ صاحبزادہ محمد نور المجتبیٰ چشتی بانی تنظیم العلماء و

صدر مدرس دار العلوم جامعہ چشتیہ رضویہ خانقاہ ڈوگراں ضلع شیخوپورہ

موجودہ دور میں نابغہ روزگار شخصیات میں شیخ الشیوخ جامع شریعت و طریقت جامع معقول و منقول حضرت اخندزادہ مبارک قبلہ پیر سیف الرحمٰن نقشبندی مجددی ممتاز حیثیت رکھتے ہیں۔ فقیر نے آپ کی کئی کرامات کا مشاہدہ کیا جو آپ کی روحانی صلاحیتوں پر دال ہیں، آپ کا تبحر علمی ہر ایک کے لیے مسلمہ ہے۔ شریعت کے عالم باکمال طریقت کے شہسوار حقیقت و معرفت میں نامدار ہے۔ آپ کو علوم نقلیہ و عقلیہ پر کامل دسترس حاصل ہے۔ جس کی وجہ سے ملحدین لرزہ بہ اندام ہو کر حضرت کے خلاف سازشوں میں مصروف عمل ہیں۔ حضرت کی استقامت فی الدین نور علمی و روحانی مقام اس قدر بلند بالا ہے کہ کسی کے لیے انگشت نمائی کی گنجائش نہیں۔ کاش کہ غلط فہمی کا شکار ہونے والے حضرت سے بالمشافہ شرف زیارت حاصل کر کے آپ کے علمی و عملی و روحانی کمالات کو اطمینان قلبی کا ذریعہ بنائیں۔

حضرت علامہ مفتی احمد الدین توگیروی باغبانپورہ لاہور

ملخصاً چنانچہ آپ کی تبلیغ سے سینکڑوں غیر مسلم مسلمان ہو چکے ہیں، ہزاروں بدمذہب مسلک حقہ اہل سنت وجماعت کے پیروکار اور لاکھوں مسلمان متبع سنت بن چکے ہیں۔ جن کا مشاہدہ ان کے خلفا اور مریدین سے بخوبی ہو سکتا ہے۔ اسوقت آپ علماء ربانیین اور علماء کاملین سابقین کی جیتی جاگتی عملی تصویر ہیں۔ اللہ تعالے ہمیں

حق گوئی اور حق والوں کا ساتھ دینے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

استاذ العلماء، پیر طریقت حضرت علامہ الحاج فتح محمد باروزئی نقشبندی

ناظم اعلیٰ و شیخ الحدیث جامعہ فیض العلوم نقشبندی سبی بلوچستان

الحمد لولیہ والسلام علی نبیہ والہ واصحابہ اجمعین

کسی استاد کی قابلیت کا اندازہ اس کے شاگردوں سے لگایا جا سکتا ہے۔ اسی طرح اسی مرشد کامل کی عظمت و ولایت اور مقبولیت کا اعتراف اس کے خلفاء و مریدین کے کردار کو دیکھ کر کیا جا سکتا ہے۔ (راقم الحروف) نے حضرت غوث زماں قطب دوراں کو شریعت و طریقت معرفت اور حقیقت کا جامع پایا۔ جن کی ولایت کی نورانی قندیل سے ضلالت و گمراہی کے اندھیروں میں ٹھوکریں کھانے والے لاکھوں انسانوں نے رشد و ہدایت کی شمع حاصل کی۔ مگر افسوس ان برائے نام سنی کہلانے والے علماء نافرجام پر کہ طریقت، شریعت، حقیقت و معرفت کے اس خواجہ بحر ذخار سے روحانی استفادہ کرنے اور اپنے قلب مردہ کو زندہ کرنے کی بجائے ان کا ظاہری علم ان کے لیے حجاب اکبر بن گیا۔ اور غوث زماں مجدد اعظم دوراں کی مخالفت کرکے جماعت اہل سنت کو ہی نقصان پہنچا رہے ہیں۔ سچ ہے کہ

ہر کہ را روئے بہ بہبود نہ بود

دیدن روئے نبی سود نبود

دست بدعا ہوں کہ اللہ تعالیٰ ہم سب کو فقراء کی محبت اور اس پر استقامت عطا

فرمائے۔ آمین ثم آمین

قارئین آپ نے غور کیا کہ کتنی جامع شخصیات کے یہ تاثرات ہیں۔ جن کے نزدیک حضرت قبلہ پیر صاحب کی شخصیت بالکل بے غبار، شفاف اور واضح ہو رہی ہے۔ اب اگرچند لوگ مخالفت بھی کریں تو اہل حق ان کے جال میں کسی طرح نہیں آ سکتے۔ اور یہ رشد و ہدایت کا چراغ ایسا روشن ہے اور روشن رہے گا کہ جسے اپنی پھونکوں سے بجھانے والے ہرگز نہیں بجھا سکتے۔

حضرت مولانا محمد باغ علی رضوی فاضل زینۃ المساجد
مہتمم جامعہ شیخ الحدیث مناظر اسلام گلشن کالونی فیصل آباد

حضرت علامہ پیر طریقت مولانا پیر اخند زادہ سیف الرحمٰن صاحب مدظلہ کے بارے علماء و مشائخ بالخصوص استاد مکرم مولانا غلام رسول رضوی صاحب دامت برکاتہم کے تاثرات دیکھے۔ اور پھر پیر صاحب نے حسام الحرمین اور فتاویٰ رضویہ کا مطالعہ کر کے فرمایا کہ مجھے امام احمد رضا کے فتاوی جات سے اتفاق ہے۔ کیونکہ امام احمد رضا عاشق رسول اور اللہ کے ولی ہیں۔ اس کے علاوہ غوث پاک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بارے میں فرمایا کہ [illegible] سلسلہ عالیہ قادریہ میں حضرت غوث الثقلین کا تابع ہے۔ ہدایۃ السالکین (۲۸۲) اصول [illegible] میں امام ابو منصور [illegible] کا تابع اور امام

اعظم ابوحنیفہ کا مقلد ہوں۔ تصوف وطریقت میں حضرت بہاؤالدین شاہ نقشبند امام ربانی مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہما حضرت غوث اعظم حضرت شیخ شہاب الدین سہروردی اور خواجہ معین الدین چشتی اجمیری رحمہم اللہ علیہم اجمعین کا تابع اور بالواسطہ انہی حضرات کا مرید ہوں۔ لہذا ایسے عقائد رکھنے والی شخصیت کے بارے میں دیوبندیت کا فتویٰ لگانا انصاف کے خلاف ہے۔ بلکہ میں تو یہ کہوں گا کہ وہ ہمارے سر کے تاج ہیں۔ اور اہل سنت وجماعت کی ایک عظیم شخصیت ہیں۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ بزرگان دین کے ادب واحترام کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

[illegible]

حضرت علامہ مفتی محمد جمیل رضوی

ناظم اعلیٰ جامعہ رضویہ اکرم العلوم نبی چوک شیخوپورہ

میں نے آپ کی زیارت کی ہے آپ پابند شریعت ہیں۔ احقر کے نزدیک کوئی ایسی عبارت نہیں جس کو بنیاد بنا کر پیر صاحب موصوف پر طعن کیا جائے۔ لہذا پیر صاحب ہمارے پیشوا اور راہنما ہیں، آپ بہت بڑے فقیہ محدث، مفسر اور مدرس ہیں اور جو لوگ حضرت پیر صاحب پر انگشت زنی کرتے ہیں ان کی کم علمی کی وجہ سے ہے۔

محدّث اعظم پاکستان کی علمی تصویر شیخ القرآن حضرت علامہ مفتی سید عمر دراز شاہ مشہدی صاحب

مہتمم دارالعلوم فیضان صوفیہ کراچی

میں جب آپ کے دیدار پرانور سے مستفیض ہوا تو شیخ فریدالدین رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے ان اشعار کی آمد ہونے لگی ۔

گر ترا عقل است بادانش قرین
باش درویش و بدر درویشاں نشین

ترجمہ : اگر تجھ کو عقل و تمیز ہے تو درویش بن اور درویشوں کے ساتھ بیٹھ ۔

ہم نشینی جز بہ درویشاں مکن
تا توانی غیبت ایشاں مکن

ترجمہ : سوائے درویشوں کے کسی کے پاس مت بیٹھ ۔ جب تک تجھ سے ہو سکے ان سے دور نہ رہ ۔

حب درویشاں کلید جنت است
دشمن ایشاں سزائے لعنت است

ترجمہ: درویشوں کی محبت جنت کی کنجی ہے۔ اوران کا دشمن لعنت کا حقدار ہے۔

الغرض میں نے حضرت مبارک کو جنگل میں منگل بناتے ہوئے دیکھا کہ دنیا آتی ہے اور فیوض و برکات سے مالا مال ہو کر واپس جاتی ہے۔ قدوۃ المحققین زبدۃ العارفین امام الاولیا، سلطان المجذوبین مجدد مائتہ حاضرہ جامع علم ظاہر و باطن شیخ الکل اخندزادہ مبارک خواجہ سیف الرحمٰن صاحب پیرارچی خراسانی مدظلہ العالی و دامت فیوضہ و برکاتہ علینا کی شخصیت کسی تعارف و تشخص کی محتاج نہیں۔ آپ اس وقت ایک بین الاقوامی شخصیت ہیں۔ آج دنیا کے کونے کونے میں آپ کے خلفاء و مریدین موجود ہیں جو شب و روز مسلک حقہ اہل سنت و جماعت کی ترویج و اشاعت میں مصروف ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ اس وقت دنیا میں شریعت مطہرہ اور طریقت بیضا کی تربیت و اشاعت میں کوئی آپ کے مماثل نہیں۔ آپ کی ذات ستودہ صفات کے خلاف انگشت نمائی کرنا چاند پر تھوکنے کے مترادف ہے۔ مگر پھر بھی بعض ازلی بدبخت اور عادی مجرم آپ کے سلسلے کے خلاف اور ذات گرامی کے خلاف دریدہ دہانی میں مصروف ہیں۔ اور یہ کوئی نئی بات نہیں ہے۔ ہر زمانے میں ہر نبی ہر ولی کے خلاف شیاطین انس و جن نے سر اٹھایا اور لوگوں کو گمراہ کرتے رہے ہیں۔

میری تمام سنی بھائیوں سے التماس ہے کہ آپ مبارک صاحب کے خلاف لکھنے والوں کی باتوں میں نہ آئیں۔ یہ تمام الزامات جھوٹے ہیں صرف ذاتی عناد کی وجہ سے لگائے گئے ہیں۔

آفتاب آمد دلیل آفتاب اگر کوئی شخص آسمان علم و ولایت کے سورج کی روشنی اور اس کی ضیا رپاشیوں کو نہ دیکھ سکے تو اس میں حضرت مبارک کا کیا قصور ہے۔ شیخ سعدی فرماتے ہیں۔ کہ

گر نہ بیند بروز شپرہ چشم
چشمۂ آفتاب را چہ گناہ

ترجمہ: اگر دن کو چمگادڑ سورج کو نہ دیکھ سکے تو اس میں سورج کا کیا گناہ۔

اگرچند معاندین یہ چاہیں کہ آپ کا سلسلہ ختم ہوجائے تو یہ ناممکن ہے کیونکہ اولیاء کرام اور مجددین دین وملت کا خدا خود حامی ہوتا ہے۔

عمدۃ الفضلاء فاتح نجدیت مولانا مفتی سید محمد وسایا صاحب آف کراچی

نحمدہٗ ونصلی علی رسولہ الکریم وعلی اٰلہ وصحبہ اجمعین

اگرچہ بندہ حضرت پیر طریقت عالم باعمل پیر حضرت اخندزادہ سیف الرحمٰن صاحب دامت برکاتہم العالیہ پیرارچی خراسانی کی زیارت سے فیضیاب نہیں ہوا مگر کسی پیر کامل کا پتہ اس کے مریدوں سے چلتا ہے۔ میں نے آپ کے مریدوں کو راسخ العقیدہ سنی اور متقی پرہیزگار شریعت کا پابند پایا۔ افسوس کہ علماء کرام تھوڑے سے اختلاف سے ایک دوسرے کے خلاف سخت نازیبا زبان استعمال کرتے ہیں۔ میری دل کی گہرائیوں سے دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اہل سنت کے بکھرے ہوئے شیرازہ کو یکجا فرمائے اور علماء اہل سنت کے اختلاف کو دور فرمائے۔

حضرت علامہ صاحبزادہ مقصود احمد سعید شرقپوری

مخدوم السالکین عزت ماب حضرت پیر اخند زادہ سیف الرحمٰن دامت برکاتہم العالیہ کے متعلق مجھ ناچیز میں کہاں اتنی جسارت ہے کہ کچھ کہوں بس رب ذوالجلال کے قول کے مطابق وتعز من تشا کے آپ مصداق ہیں۔ جہاں رب تعالیٰ نے آپ کو ظاہری علم سے نوازا ہے بالکل اسی طرح اللہ جل شانہٗ انہیں بے پناہ باطنی عرفان عطا کر رکھا ہے۔ اور اس چشمۂ نور سے آج تک لاکھوں انسان جو بے راہ رو ہو چکے تھے۔ وہ ظلمات سے انوار و تجلیات میں آ گئے۔ اللہ کا لاکھ شکر ہے کہ مجھ جیسے گنہگار شخص کو ایسے مقبول بارگاہ الٰہی بندے سے ملنے کا شرف حاصل ہوا ہے اور آپ کی زیارت سے خدا یاد آ گیا اور ایسی روحانی شخصیت کا دامن تھامے رکھنا ہی واعتصموا بحبل اللہ جمیعا پر عمل ہے اور خصوصاً آج کے تیز دور میں ایسی شخصیات کے متعلق غلط قسم کی آراء قائم کر لی جاتی ہیں۔ اور کم علمی کی وجہ سے تعصب پھیلایا جاتا ہے۔ اس سے بچنا لازمی ہے۔

[illegible]

استاذ الحفاظ والقراء قاری غلام جیلانی صاحب

نقشبندی خادم آستانہ عالیہ للہ شریف جہلم

مجدد عصر حاضر حضرت اخند زادہ سیف الرحمٰن المبارک المعروف پیرارچی خراسانی سے عرصہ پانچ سال سے تعارف ہے۔ پانچ سال میں دو مرتبہ زیارت کا شرف حاصل ہوا۔ جب زیارت ہوئی تو ایسا لگا جیسے فرشتوں کی جماعت میں شامل ہو گیا

ہوں۔ ہر طرف نور ہی نور نظر آتا ہے۔ بندہ ناچیز ان کا مرید نہ ہونے کے باوجود ان کو اللہ کا ولی کامل مانتا ہے۔

پیر طریقت سید عمیر علی شاہ زنجانی لاہور

الحمد للہ الذی جذ قلوب العارفین الی جنابہ واحرق صدور العاشقین اما بعد الا ان اولیاء اللہ لاخوف علیھم ولاھم یحزنون۔

بعض لوگ تعصب وعناد کی وجہ سے اس دور کے عظیم شیخ اور کامل ومکمل ولی مجدد ملت تصویر خلف حضرت اخندزادہ سیف الرحمٰن پیرارچی خراسانی مدظلہ العالی کیخلاف پروپیگنڈا کر کے اپنی آخرت کو برباد کر رہے ہیں۔ جو لوگ قبلہ پیر صاحب کی مخالفت کر رہے ہیں کیونکہ پیر صاحب العلماء العاملون سے ہیں یعنی باعمل علماء سے تو ایسے لوگوں کا انکار کفر صریح ہے۔

حضرت صاحبزادہ حافظ عرفان اللہ محمدیہ غوثیہ داتا نگر لاہور

حضرت پیر طریقت رہبر شریعت قیوم زماں غوث دوراں مجدد عصر حاضر اخندزادہ سیف الرحمٰن مبارک کی ذات بابرکت دین اسلام کی حقانیت اور صداقت کی ایک برہان قاطع ہے۔ جس دین کے آپ پیروکار ہیں وہ بلاشبہ دین سچا ہے۔ آپ کی بڑھتی ہوئی مقبولیت اور علمی وعملی غلبہ نے مخالفین کی نیندیں حرام کر رکھی ہیں۔ آپ ایسی روحانی شخصیت ہیں جن کی صرف ایک نگاہ سے بدمعاش لوگوں کی بدترین زندگی

سیرت حسنہ میں بدل جاتی ہے۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ایسے کامل لوگوں کو سایہ ہمارے سروں پر تادیر قائم رکھے۔

حضرت مولانا قاری صاحبزادہ غلام مصطفیٰ نقشبندی لاہور

پیر طریقت۔ مجدد عصر حضرت علامہ اخندزادہ سیف الرحمٰن مبارک آپ ملت اسلامیہ کے بطل جلیل ہیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کا سایہ ہمارے سروں پر قائم رکھے۔ آمین

جناب پروفیسر حکیم مشتاق احمد حنفی گورنمنٹ کمرشل کالج دیپالپور

آپ بلاشبہ ظاہری و باطنی علوم کے استاد کامل ہیں اور صراط مستقیم سے بھٹکے ہوئے لوگوں کی راہنمائی کرتے ہیں۔ سلاسل اربعہ میں مریدین کی ترتیب کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ آپ کے وجود مسعود کا سایہ ہمارے سروں پر تادیر رکھے۔ تاکہ ہم جیسے خالی لوگ آپ سرکار سے فیض یاب ہوتے رہیں۔

جناب پروفیسر محمد نواز ڈوگر پنجاب یونیورسٹی لاہور

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم اما بعد

حضرت پیر طریقت اخند زادہ مبارک کا مسلک اہل سنت وجماعت اور فقہ حنفی کی ترویج کی کوشش اور آپ کی صحبت سے بدعقیدہ اور غیر مسلم لوگوں کا صحیح العقیدہ سنی مسلمان ہو کر سنت نبوی پر عمل پیرا ہونا یہ ظاہر کرتا ہے کہ آپ ایک باکمال شیخ اور صوفی ہیں اور آپ نے سلسلہ تصوف کو ہی پوری مہم کا ذریعہ بنایا ہے۔ الخ

حضرت علامہ مفتی محمد انور صاحب ڈیرہ غازیخان

